Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ، 6 ستمبر 2025ء، 12 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 158

وزیراعلیٰ مسلسل دسویں دن سیلاب متاثرین کے درمیان

وزیراعلیٰ جلالپور جٹاں کے نواحی علاقے شہباز پور فلڈ ریلیف ٹینٹ سٹی پہنچ گئیں، سیلاب متاثرہ خاندانوں سے ملاقات، ٹینٹ سٹی میں کھانا، ادویات، صفائی اور دیگر سہولیات کے بارے میں دریافت

ذیابطیس کی بزرگ خاتون مریضہ کو شوگر چیک اپ کیلئے خود فیلڈ ہسپتال لے کر گئیں، سروے شروع ہورہا ہے، ازالہ کریں گے، آبی گزرگاہوں کے علاوہ دیگر مقامات پر گھر بھی بنانے میں مدد دیں گے' مریم نواز

گجرات، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گجرات کے علاقوں کا فضائی جائزہ لے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مسلسل دسویں دن بھی سیلاب متاثرین کے درمیان موجود رہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف جلال پور جٹاں کے گورنمنٹ کالج میں قائم فلڈ ریلیف کیمپ پہنچ گئیں۔ وزیر اعلیٰ نے تمام سیلاب زدہ علاقے کا فضائی جائزہ بھی لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے فلڈ ریلیف کیمپ میں لائیو سٹاک کاؤنٹر کا دورہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ نے لائیو سٹاک (بقیہ نمبر 1)

یومِ دفاع نہ صرف پاکستان کی تاریخ کا ایک روشن دن ہے

یہ ان تمام شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا دن ہے، دھنیش کمار پلیانی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر دھنیش کمار پلیانی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ یوم دفاع نہ صرف پاکستان کی تاریخ کا ایک روشن دن ہے بلکہ یہ ان تمام شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے 1965 کی جنگ (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، راولپنڈی سمیت مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے

شدت 5.9 ریکارڈ، شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا، شہری گھروں سے باہر نکل آئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، شدت 5.9 ریکارڈ کی گئی جس کے باعث لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 5)

آبی گزرگاہوں سے تجاوزات ختم کرنے کا فیصلہ

مریم نواز نے متاثرین سیلاب کی بحالی کے لیے ایک جامع اور فوری پیکیج طلب کرلیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دریاؤں اور آبی گزرگاہوں کو ریڈ زون قرار دے کر تجاوزات کے خاتمے اور سیلاب متاثرین کے لیے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس (بقیہ نمبر 4)

حکومت کا آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس دینے کا فیصلہ

50 ہزار سبسڈی حکومت دے گی، صفر مارک اپ کے ساتھ اقساط میں ادائیگی کی سہولت

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان الیکٹرک وہیکل الیکٹری فکیشن پروگرام کے تحت نئی اسکیم متعارف کرائی ہے جس کے تحت شہری کراؤن الیکٹرک موٹر سائیکلیں حکومتی سبسڈی اور آسان اقساط کے ذریعے (بقیہ نمبر 3)

ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر اہتمام عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر پر روح پرور محفل نعت کا انعقاد

نعت خواں حضرات نے نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کے نذرانے پیش کیے اور خاتم النبیین حضور اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے

"حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین کی سیرتِ طیبہ بنی نوع انسان کے لیے مشعلِ راہ ہے، وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانی وانسانی وسائل کی ترقی، جناب چوہدری سالک حسین

"ہمیں اپنی انفرادی و اجتماعی زندگیوں میں حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین کی سیرتِ طیبہ کو نمونہ بنانا چاہیے،" سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ، جناب ذوالفقار احمد

ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے موقع پر روح پرور محفل نعت کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے موقع پر روح پرور محفل نعت کا انعقاد کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد حمدِ باری تعالیٰ پیش کی گئی۔ بعد ازاں نعت خواں حضرات نے نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کے نذرانے پیش کیے اور خاتم النبیین حضور اکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانی وانسانی وسائل کی ترقی، جناب چوہدری (بقیہ نمبر 6)

ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے موقع پر منعقدہ محفل نعت میں شریک سامعین

مسئلہ فلسطین کے حل کیلئے آواز بلند کرنا اخلاقی فریضہ ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق

پاکستان کی حکومت، سیاسی وعسکری قیادت اور علما نے مسئلہ فلسطین کو ہمیشہ بھرپور طور پر اجاگر کیا ہے، فلسطین کے صدر کے مشیر ڈاکٹر محمود صدیقی الہباش

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے فلسطین کے صدر کے مشیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر محمود صدیقی الہباش کی سربراہی میں وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے فلسطین کے صدر کے مشیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر محمود صدیقی الہباش کی سربراہی میں وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف بھی موجود تھے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں فلسطینی وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ امام مسجد اقصیٰ کو اپنے درمیان پا کر دلی مسرت ہوئی، ان شاء اللہ امید ہے ایک دن ایسا آئے گا کہ ہم سب اسرائیلی جارحیت سے آزاد (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف شہباز پور فلڈ ریلیف ٹینٹ سٹی میں خواتین سے گفتگو کر رہی ہیں

پنجاب حکومت کا گرانٹ اِن ایڈ پالیسی 2025 کا اعلان، مریم اورنگزیب سربراہ نامزد

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گرانٹ اِن ایڈ پالیسی 2025 کا اعلان کر دیا، گرانٹ ان ایڈ پالیسی کے تحت 10 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی گئی۔ کمیٹی کی سربراہ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگ زیب ہوں گی، کمیٹی گرانٹ اِن ایڈ کیسز کا جائزہ لے کر کابینہ کو (بقیہ نمبر 8)

ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر اور اجتماعی بھلائی کے لیے کام کرنے سے ہی ہم پائیدار خوشحالی اور خودانحصاری حاصل کر سکتے ہیں

قومی دفاع معاشی استحکام کے بغیر ممکن نہیں، وزیراعظم

پاکستان دنیا کے ساتھ پرامن بقائے باہمی اور تعمیری روابط کی پالیسی پر کاربند ہے، ہم مسلسل بھارتی اشتعال انگیزیوں اور بدلتے ہوئے علاقائی تناظر کی حقیقت سے غافل نہیں رہ سکتے

ہم اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط اور جدید بنانے کے ساتھ ساتھ ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی اور اپنی سرحدوں میں سرگرم غیر ملکی پراکسیوں کے دوہرے خطرے کا مقابلہ کرتے رہیں گے

، ہم فلسطین میں جاری مظالم کی بھی شدید مذمت کرتے ہیں، عالمی برادری اسرائیلی جارحیت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، شہریوں کے تحفظ اور غزہ کے لوگوں کو ضروری انسانی امداد کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قومی دفاع معاشی استحکام کے بغیر ممکن نہیں، ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر اور اجتماعی بھلائی کے لیے کام کرنے سے ہی ہم پائیدار خوشحالی اور خودانحصاری حاصل کر سکتے ہیں، پاکستان دنیا کے ساتھ پرامن بقائے باہمی اور تعمیری روابط کی پالیسی پر کاربند ہے، ہم مسلسل بھارتی اشتعال انگیزیوں اور بدلتے ہوئے علاقائی تناظر کی حقیقت سے غافل نہیں رہ سکتے، ہم اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط اور جدید بنانے کے ساتھ ساتھ ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی اور اپنی سرحدوں میں سرگرم غیر ملکی پراکسیوں کے دوہرے خطرے کا مقابلہ کرتے رہیں گے، ہم فلسطین میں جاری مظالم کی بھی شدید (بقیہ نمبر 10)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی وویمن یونیورسٹی آف ملتان میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حضور اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے ہدایت، محبت اور رحمت کا پیغام ہے

آپ ﷺ کی اسوہ حسنہ ہمارے لئے مشعل راہ اور کامیابی کا رستہ ہے

آئیسکو 12 ربیع الاول کو ریجن بھر میں بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائے گی، چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر خالد محمود

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے عید میلاد النبی ﷺ کے پرمسرت موقع پر تمام مسلمہ امہ کو مبارک باد پیش کی۔ اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کے آپ ﷺ کی دنیا میں تشریف آوری سے جہالت کے اندھیرے چھٹ گئے، کمزوروں کو حقوق دیے گئے، ماں، بہن، بیٹی غرض کے ہر رشتے کو عزت اور اہمیت دی گئی۔ ذات پات کی تقسیم کا خاتمہ ہوا اور آپ ﷺ کی ولادت با سعادت پوری انسانیت کیلئے ہدایت، محبت اور رحمت کا پیغام ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل کر کے ہم نہ صرف (بقیہ نمبر 9)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر خصوصی پیغام

نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت ایک عظیم الشان اور پرمسرت دن ہے

جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر پوری امتِ مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش، چیئرمین سینٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر پوری امتِ مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت ایک عظیم الشان اور پرمسرت دن ہے جو نہ صرف رحمت و برکت کا پیغام لاتا ہے بلکہ ہمیں یہ عہد تازہ کرنے کا موقع بھی دیتا ہے کہ ہم اپنی انفرادی اور اجتماعی (بقیہ نمبر 11)

نبی آخر الزماں حضرت محمد کا جشن ولادت آج عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائیگا

لاہور (این این آئی) نبی آخر الزماں حضرت محمد ﷺ کا جشن ولادت آج (ہفتہ) بمطابق 12 ربیع الاول انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا۔ دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی کے ساتھ ہوگا۔ نماز فجر کے بعد اسلام کی سربلندی، ملک کی ترقی و خوشحالی اور امت مسلمہ کے اتحاد و یکجہتی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں گی۔ ملک بھر میں درود وسلام اور نعت خوانی کی محافل کا انعقاد کیا جائے گا، سیمینار اور (بقیہ نمبر 12)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف شہباز پور فلڈ ریلیف کیمپ میں سیلاب متاثرین سے بات چیت کر رہی ہیں

سیلابی پانی میں ٹک ٹاک بناتے ہوئے نوجوان ڈوب کر جاں بحق

لاہور (این این آئی) فالوورز اور لائیکس بڑھانے کی ہوس نے ایک اور نوجوان کی جان لے لی، پھالیہ میں سیلابی پانی میں ویڈیو بناتے ہوئے اویس نامی نک (بقیہ نمبر 13)



خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ دنیا کیلئے رحمت، ہدایت، اخوت اور اعلیٰ اخلاق کا سر چشمہ ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے 1500 ویں یوم ولادت باسعادت کے مبارک موقع پر امت مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپ کی سیرت طیبہ دنیا کے لیے رحمت، ہدایت، اخوت اور اعلیٰ اخلاق کا سر چشمہ ہے، رحمت، محبت اور (بقیہ نمبر 14)

قازقستان کے وزیر خارجہ آئندہ ہفتے پاکستان کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) قازقستان کے وزیر خارجہ مرات نورتلو آئندہ ہفتے پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق قازقستان کے وزیر خارجہ مرات نورتلو 8 اور 9 ستمبر کو بڑے وفد کے ہمراہ اسلام آباد پہنچیں گے، اس موقع پر دونوں ممالک بحری تجارت اور سمندری معیشت کے حوالے سے اہم معاہدے کریں گے۔ قازقستان کے وزیر (بقیہ نمبر 15)

وفاق پنجاب حکومت کیساتھ مل کر کسانوں کو ریلیف فراہم کرے' بلاول بھٹو زرداری

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وزیر اعظم شہباز شریف سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے قصور میں سیلاب سے متاثرہ علاقے کے دورہ کے دوران کسانوں کے سامنے آنے والے تحفظات سے آگاہ کیا، بلاول بھٹو زرداری نے (بقیہ نمبر 16)

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے 2 ہزار 500 کلوگرام مضر صحت گوشت تلف کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے اہم کارروائی کرتے ہوئے 2 ہزار 500 کلو گرام مضر صحت گوشت تلف کر دیا۔ ترجمان نے اپنے بیان میں بتایا کہ فوڈ اتھارٹی کی ناقص گوشت کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، 2 ہزار 500 کلو بیمار جانور کا گوشت تلف کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ صفدر آباد پیرودھائی میں بیف شاپ کے خلاف کارروائی کی گئی۔



پیغامات

آصف علی زرداری

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان

6 ستمبر، پاکستان کا یومِ دفاع و شہداء، ہماری تاریخ کا ایک حوصلہ افزا باب ہے۔ اس دن، ہم ایک قابلِ فخر قوم کے طور پر اپنی بہادر مسلح افواج اور ثابت قدم عوام کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے ہمیشہ اپنی سرحدوں کا غیر متزلزل ایمان اور بے مثال بہادری کے ساتھ دفاع کیا۔ 1965 کی قربانیوں کا جذبہ ایک لازوال روشنی بن چکا ہے، جو ہماری آئندہ نسلوں کو ہر آزمائش اور چیلنج کے دوران رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

اس سال کا 6 ستمبر معرکۂ حق کی وجہ سے خاص اہمیت رکھتا ہے، جیسے 1965 میں ہماری بہادر افواج نے بے مثال حوصلہ اور فرض شناسی کا مظاہرہ کیا، اسی طرح مئی 2025 میں بھارت کے خلاف آپریشن "بنیان المرصوص" کے دوران ہمارے بہادر سپوتوں نے ایک بار پھر بے مثال جرأت اور جانفشانی کا مظاہرہ کیا۔ ان کی پیشہ ورانہ مہارت، جنگی صلاحیتیں اور زمینی، فضائی اور سمندری سطح پر جنگ کی تیاریاں یہ ثابت کرتی ہیں کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، کیونکہ اس کی بنیاد عوام کے ازلی جذبے اور مسلح افواج کی غیر متزلزل عزم پر ہے۔

بطور سپریم کمانڈر، میں پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کو مسلسل اپ گریڈ کرنے اور جدید بنانے کے عزم کا اعادہ کرتا ہوں۔ اس دور میں، جہاں ہائبرڈ اور پانچویں نسل کی جنگیں، غلط معلومات، پروپیگنڈا اور نفسیاتی آپریشنز کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، یہ ضروری ہے کہ ہم نہ صرف اپنی فوجی طاقت کو بڑھائیں بلکہ اپنے معلوماتی اور ابلاغی نظام کو بھی مستحکم کریں۔ ریاست کے ستون اور عوام، خاص طور پر ہماری نوجوان نسل، کو ان جدید خطرات کا مقابلہ حکمت، استقامت اور اتحاد کے ساتھ کرنے کے لیے چوکنا اور متحد رہنا ہوگا۔

جموں و کشمیر کا دیرینہ تنازعہ خطے میں عدم استحکام کی جڑ ہے۔ اس کا منصفانہ حل، جو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہو، خطے میں امن کا واحد راستہ ہے۔ مزید برآں، فلسطین کے دلخراش سانحے نے ہمیں فلسطینی عوام کے خلاف نسل کشی اور مظالم کے خاتمے کا مطالبہ کرنے پر مجبور کیا ہے۔ دنیا کو فلسطین کی آزاد ریاست کے قیام کے لیے مضبوط موقف اختیار کرنا چاہیے، جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، کیونکہ یہ ہی مشرقِ وسطیٰ میں دیرپا امن کا واحد راستہ ہے۔

آیئے! آخر میں، اس یومِ دفاع و شہداء پر یہ عہد کریں کہ ہم ثابت قدم، باہمت اور متحد رہیں گے تاکہ شہداء کی قربانیوں کو توقیر ملے، ہمارا دفاع ناقابل تسخیر رہے اور ہماری آئندہ نسلوں کو ایک مضبوط، خوشحال اور پرامن پاکستان ورثے میں ملے۔ شہداء کے خاندان ہماری عزت ہیں اور غازیوں کی قربانیاں ہماری مقدس امانت ہیں۔ ستمبر کا جذبہ ہمیشہ ہماری مسلح افواج کی بے خوفی اور ہماری قوم کی استقامت میں جھلکے گا۔ کوئی بھی چیلنج ہمیں خودداری اور خودمختاری کے راستے سے منحرف نہیں کر سکتا۔

پاکستان کی مسلح افواج زندہ باد
پاکستان پائندہ باد



محمد شہباز شریف

وزیرِاعظم
اسلامی جمہوریہ پاکستان

6 ستمبر ہماری قومی تاریخ میں بہادری، اتحاد اور عزم کے دن کے طور پر نقش ہے۔ ساٹھ سال قبل ہماری بہادر مسلح افواج نے عوام کے بھرپور تعاون سے دشمن کی جارحیت کو ناکام بناتے ہوئے ثابت کیا کہ پاکستان ایک بہادر قوم ہے جو اپنی خودمختاری اور سالمیت کے تحفظ کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ 1965 کا وہ ناقابل تسخیر جذبہ آج بھی زندہ ہے جیسا کہ حالیہ معرکۂ حق میں ایک بار پھر ہماری مسلح افواج اور عوام بیرونی جارحیت کے خلاف آہنی دیوار کی طرح ایک ساتھ کھڑے رہے۔

ہماری فوج، بحریہ اور فضائیہ نے بے مثال پیشہ ورانہ مہارت، جدید جنگی مہارتوں اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف آرمی اسٹاف کے تزویراتی وژن کے ذریعے دشمن کے تکبر کو اپنی پرعزم قوت سے کچلتے ہوئے نئی تاریخ رقم کی۔

آج کے دن ہم اپنے بہادر شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنے غازیوں کو، جن کی جرات آئندہ نسلوں کیلئے ایک مثال ہے۔

پاکستان دنیا کے ساتھ پرامن بقائے باہمی اور تعمیری روابط کی پالیسی پر کاربند ہے۔ اس کے باوجود ہم مسلسل بھارتی اشتعال انگیزیوں اور بدلتے ہوئے علاقائی تناظر کی حقیقت سے غافل نہیں رہ سکتے۔ ہم اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط اور جدید بنانے کے ساتھ ساتھ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی اور اپنی سرحدوں میں سرگرم غیر ملکی پراکسیوں کے دوہرے خطرے کا مقابلہ کرتے رہیں گے۔

ہماری بہادر مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اپنی استقامت اور قربانیوں سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی عفریت کو ختم کرنے میں بے پناہ پیش رفت کی ہے۔ اس مشن کی تکمیل تک قوم ان کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔

آج کے دن، ہم ہندوستان کے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر (IIOJK) کے مظلوم لوگوں کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں، جنہوں نے کئی دہائیوں کی وحشیانہ ریاستی دہشت گردی کو برداشت کیا ہے۔ ان کی جدوجہد آزادی کو طاقت سے دبایا نہیں جاسکتا۔ ہم فلسطین میں جاری مظالم کی بھی شدید مذمت کرتے ہیں اور عالمی برادری پر زور دیتے ہیں کہ وہ اسرائیلی جارحیت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، شہریوں کے تحفظ اور غزہ کے لوگوں کو ضروری انسانی امداد کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنائے۔

قومی دفاع معاشی استحکام کے بغیر ممکن نہیں۔ ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر اور اجتماعی بھلائی کے لیے کام کرنے سے ہی ہم پائیدار خوشحالی اور خود انحصاری حاصل کر سکتے ہیں۔

آیئے، اس یوم دفاع و شہدا پر قائداعظم کے ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط کے لازوال اصولوں کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کریں اور ایک محفوظ، متحد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے مل کر محنت کرنے کا اعادہ کریں۔

پاکستان مسلح افواج زندہ باد
پاکستان پائندہ آباد

محمد اسحاق ڈار

نائب وزیرِاعظم اور وزیرِ خارجہ
اسلامی جمہوریہ پاکستان

6 ستمبر 1965ء ہماری تاریخ کا ایک درخشاں دن ہے جسے ہم اپنی مسلح افواج کی جرأت، بہادری اور دلیری کی علامت کے طور پر فخر کے ساتھ مناتے ہیں۔ اس دن ہم اپنے ان جانباز فوجیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے 60 برس قبل اپنی جانوں کی قربانی دے کر مادرِ وطن کا دفاع کیا۔ یہ دن اس حقیقت کی گواہی دیتا ہے کہ ہماری مسلح افواج نے اپنی بے مثال جرأت اور شجاعت کے ذریعے عددی برتری رکھنے والے دشمن کو پسپا کیا۔

اس سال ہم یومِ دفاع کو نئے جذبے اور فخر کیساتھ منا رہے ہیں۔ حال ہی میں ہماری قوم نے بیرونی جارحیت کے مقابلے میں اپنی طاقت، عزم اور اتحاد کو دوبارہ ثابت کیا ہے۔ "معرکہ حق" اور "آپریشن بنیان المرصوص" میں کامیابی ہماری تاریخ کا ایک سنگِ میل ہے۔ 1965ء کی طرح، آج بھی ہماری کہنہ مشق افواج نے اپنی عسکری مہارت، غیر متزلزل عزم، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ قابلیت کو میدانِ جنگ میں ثابت کیا ہے۔ چاہے زمینی معرکہ ہو یا فضائی، افواجِ پاکستان نے اپنی عملی مہارت اور تزویراتی بصیرت کے ذریعے اپنی برتری منوائی ہے۔

یہ شاندار کامیابی ہمارے عوام میں نئے حوصلے اور اعتماد کا باعث بنی ہے۔ پاکستان نے خود کو عالمی سطح پر کلیدی حیثیت رکھنے والے ملک کے طور پر منوایا ہے جو امن کا خواہاں ہے مگر کسی دباؤ یا دھونس میں آنے کے لئے تیار نہیں۔ ہماری یہ فتح اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ جب قوم متحد، یکسو اور اپنے مقصد کے لیے پرعزم ہو تو اپنے اہداف حاصل کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

آج جب پاکستان کو مختلف محاذوں پر کثیر الجہتی سلامتی کے چیلنجز کا سامنا ہے، پوری قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے تاکہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا جا سکے۔ میدانِ جنگ ہی نہیں بلکہ ہماری افواج سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی اور بحالی سرگرمیوں میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔

اس دن ہم اپنی بہادر افواج کے لیے اپنی غیر مشروط حمایت کی تجدید کرتے ہیں۔

پاکستان پائندہ باد

خواجہ محمد آصف

وزیرِ دفاع
اسلامی جمہوریہ پاکستان

ہم آج کے دن پاکستان کے عوام اور اپنی مسلح افواج کے جرأت مندانہ جذبے اور غیر متزلزل حوصلے کی یاد مناتے ہیں جنہوں نے 1965ء میں جارحیت کے خلاف پیارے وطن کے دفاع کے لیے متحد ہو کر دشمن سے ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ 6 ستمبر ہمارے قومی عزم، استقامت اور قربانی کی علامت ہے۔ یہ دن ہمیں پاکستان کی سلامتی، وقار اور خودمختاری سب سے مقدم ہونے کی یاد دلاتا ہے اور یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ جب قوم متحد ہو تو کوئی چیلنج ناقابل تسخیر نہیں رہتا۔

آج ہم اپنے غازیوں اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جن کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ میں ہمیشہ سنہرے حروف سے لکھی جائیں گی۔ انہوں نے ثابت کیا کہ پاکستان کا دفاع صرف مسلح افواج کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر شہری کا مقدس فریضہ ہے۔ ان کا حوصلہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے جو ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے پیش کردہ اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اصولوں کی یاد دلاتا ہے۔

اس یادگار موقع پر ہم اپنے عوام کی ان گراں قدر خدمات کا بھی اعتراف کرتے ہیں جنہوں نے 1965ء میں اپنے محافظوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر دشمن کا مقابلہ کیا اور آج بھی اپنی غیر متزلزل حمایت اور حب الوطنی سے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کر رہے ہیں۔ ہماری مسلح افواج اور عوام کا باہمی رشتہ ہماری قومی سلامتی کی بنیاد ہے۔

علاقائی اور عالمی سطح پر بدلتے ہوئے چیلنجز کے تناظر میں پاکستان پرامن، مستحکم اور خوشحال مستقبل کے تحفظ کے عزم پر قائم ہے۔ ہماری مسلح افواج اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بے مثال عزم کے ساتھ ہر خطرے کے خلاف وطن عزیز کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں اور علاقائی امن اور عالمی سلامتی میں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔

آیئے! اس یوم دفاع پر ہم سب عہد کریں کہ ہم اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے اور ایک مضبوط، خوشحال اور متحد پاکستان کے لیے مل کر کام کریں گے۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان اور اپنے عوام کی طاقت کے ساتھ پاکستان کا مستقبل روشن، اس کی خودمختاری ناقابل تسخیر اور اس کا دفاع ناقابل شکست رہے گا۔

پاکستان مسلح افواج زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرأت
چیف آف آرمی سٹاف

یومِ دفاع و شہداء پاکستان ہمیں اپنی مسلح افواج کی ان لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو انہوں نے دفاعِ وطن کا مقدس فریضہ سرانجام دیتے ہوئے پیش کیں۔ 1965ء کی جنگ میں افواجِ پاکستان نے دشمن کی جارحیت کو جس جرأت اور پیشہ ورانہ مہارت سے ناکام بنایا، اس کی نظیر تاریخ میں نہیں ملتی۔ اس موقع پر قومی اتحاد و یکجہتی کا جو عظیم جذبہ دیکھنے میں آیا، وہ "عزمِ استقلال" کی صورت میں آج بھی ہمارا سرمایۂ افتخار ہے۔ اس سال مئی میں افواج پاکستان اور قوم نے اسی جذبے کا اعادہ کرتے ہوئے بھارتی جارحیت کے خلاف آپریشن "بنیان المرصوص" میں فتح حاصل کی۔ قوم نے اس فتح کو "معرکۂ حق" کا نام دیا جو آج ہماری عسکری تاریخ کا روشن اور یادگار باب بن چکا ہے۔ بلاشبہ یہ عظیم فتح اللہ تعالیٰ کی نصرت، شہداء کی قربانیوں، افواجِ پاکستان کی جرأت و بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ساتھ پوری قوم کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔

بزدل دشمن نے جس طرح 1965ء میں رات کی تاریکی میں پاکستان پر حملہ کیا، اسی طرح 6 مئی کو بھی اس نے ایک بزدلانہ کارروائی میں پاکستان کی شہری آبادی اور مساجد کو نشانہ بنایا جس میں فرشتہ صفت بچوں سمیت بیسیوں معصوم شہری شہید ہوئے۔ "آپریشن بنیان المرصوص"، دشمن کی اس جارحیت اور ناپاک عزائم کے خلاف ایک دو ٹوک پیغام تھا کہ ہم اپنی آزادی اور خودمختاری کے دفاع کے لیے ماضی میں بھی پُرعزم تھے اور آج بھی سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔

معرکۂ حق کے دوران پاک فوج کی قیادت اور بہادر جوانوں نے جس مربوط حکمتِ عملی، جدید جنگی مہارت اور جذبۂ ایمانی کا مظاہرہ کیا، وہ آج دنیا کے لیے مثال بن چکا ہے۔ پاک فوج کے دلیر افسروں اور جوانوں نے اپنی جرأت و مہارت سے ثابت کر دیا کہ دشمن عددی یا مادی اعتبار سے کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو، ان کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جذبۂ ایمانی اور شوقِ شہادت کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ معرکۂ حق صرف ایک عسکری کارروائی ہی نہیں بلکہ قومی وقار اور خودداری کا مظہر ہے۔

ہم یومِ دفاع و شہداء کے موقع پر مادرِ وطن پر قربان ہونے والے سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے مقدس خون سے اس ارضِ پاک کی آبیاری کی ہے۔ آج ہم ان کی قربانیوں کی بدولت دفاعِ وطن کو ناقابلِ تسخیر بنانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ہم قوم کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جس کی بھرپُور حمایت اور دعاؤں نے ہمارا حوصلہ بلند کیے رکھا۔ اہلِ وطن نے افواجِ پاکستان، شہداء وطن اور ان کے خاندانوں سے جس طرح یکجہتی کا اظہار کیا، وہ قوم کی اپنے محافظوں سے لازوال محبت کا ثبوت ہے۔ بلاشبہ قوم کا اعتماد ہمارا سب سے بڑا اثاثہ اور ہماری قوت کا سرچشمہ ہے۔ یہی ہمیں مادرِ وطن کی آزادی، خودمختاری اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کا مقدس فرض ادا کرنے کا جذبہ اور طاقت دیتا ہے۔ میں نوجوانوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے سوشل میڈیا اور سائبر کے میدان میں افواج کے شانہ بشانہ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ بلاشبہ نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں۔ ہمارا روشن مستقبل ان کی بہترین صلاحیتوں پر منحصر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نوجوانوں کو جن صلاحیتوں اور مہارتوں سے نوازا ہے، مجھے قوی امید ہے کہ وہ انہیں بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

یومِ دفاع کے موقع پر میں اس بات کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہم خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں تاہم اپنی آزادی، خودمختاری اور قومی مفادات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ ہماری امن کی خواہش کو کمزوری سمجھنا ایک فاش غلطی ہوگی۔ میں واضح کرتا ہوں کہ پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کا فوری اور پوری قوت سے جواب دیا جائے گا۔ ہم مشرقی و مغربی سرحدوں کی کڑی نگرانی کے ساتھ ساتھ "فتنہ الخوارج" اور "فتنہ الہندوستان" کی مذموم کارروائیوں پر بھی گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور ان کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔

پاکستان کی کوئی بھی داستان کشمیر کے بغیر ادھوری ہے جو تقسیم برصغیر کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ ہم اقوامِ متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے عین مطابق مسئلۂ کشمیر کا پرامن حل چاہتے ہیں۔ آزادی کشمیریوں کا بنیادی حق ہے، جس کے حصول تک ہم ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت عالمی ضمیر پر سوالیہ نشان ہے۔ ہم اسرائیل کی بہیمانہ بربریت کی شدید مذمت کرتے ہیں اور ایک آزاد، خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کو ہی اس مسئلے کا واحد حل سمجھتے ہیں۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ پاک فوج اپنے نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ معیار کی بدولت دنیا میں ممتاز مقام رکھتی ہے۔ جنگ روایتی ہو یا غیر روایتی، ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ ہمارا طرۂ امتیاز ہے، اور یہی ہمارے لیے ہر چیلنج سے نبرد آزما ہونے کا سب سے مؤثر ہتھیار بھی ہے۔ جدید تربیت، نظم و ضبط، پیشہ ورانہ مہارت اور جدید ہتھیاروں سے لیس ہمارا ہر افسر اور جوان دفاعِ وطن کے لیے پوری طرح مستعد ہے۔

حالیہ سیلاب میں دیگر قومی اداروں کے ہمراہ پاک فوج کی خدمات اس تیاری اور مستعدی کا منہ بولتا ثبوت ہیں اور اس مشکل گھڑی میں قومی یکجہتی کی اعلیٰ مثال ہیں۔

آیئے! شہداء وطن کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کریں کہ جب بھی وطن پر کوئی کڑا وقت آیا تو افواجِ پاکستان اور پوری قوم، دفاعِ وطن کی خاطر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائے گی۔

"بے شک اللہ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اُس کی راہ میں صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں، گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔" (سورۃ الصف: آیت 4)

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین!

پاک فوج زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

جنرل ساحر شمشاد مرزا

نشانِ امتیاز (ملٹری)
چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی

آج جب ہم 6 ستمبر کو یومِ دفاع کے طور پر منا رہے ہیں، ہم نہایت عقیدت اور شکر گزاری کے ساتھ ان عظیم سپوتوں کو یاد کرتے ہیں جنہوں نے مادرِ وطن کی حرمت پر اپنی جانیں نچھاور کر دیں تاکہ پاکستان آزادی اور عزت و توقیر کے ساتھ قائم و دائم رہے۔ 6 ستمبر محض ایک دن نہیں بلکہ ہماری قومی یکجہتی، ناقابلِ تسخیر عزم اور لازوال جذبۂ قربانی کی علامت ہے جو ہماری قومی شناخت کا حصہ بن چکا ہے۔ ستمبر 1965 کے تاریخی واقعات آج بھی پوری قوم کی اجتماعی یادداشت میں زندہ ہیں۔ یہ ایک ایسا فیصلہ کن موڑ تھا جب دشمن نے ہماری خودمختاری کو چیلنج کرتے ہوئے ہماری قومی غیرت کو للکارا، مگر ہماری مسلح افواج نے جرأت و ہمت، پیشہ ورانہ مہارت اور ناقابلِ شکست حوصلے سے اس جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ سرحدوں سے لے کر ملک کے چپے چپے تک پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن گئی اور ثابت کیا کہ وطن کا دفاع صرف ایک ادارے کا نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری اور مقدس فریضہ ہے۔ اس عظیم دن ہم اپنے محسن شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں نے ہمارے ملک کو محفوظ بنایا۔ ہم اپنے غازیوں کی بہادری کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو ہمیشہ خاک میں ملایا۔ ہم اُن عظیم خاندانوں کو بھی خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے لختِ جگر وطن پر قربان کر دیئے اور صبر و استقامت کی اعلیٰ مثالیں قائم کیں۔ وطنِ عزیز کا دفاع صرف میدانِ جنگ تک محدود نہیں بلکہ ہماری مسلح افواج نے ہر شعبۂ زندگی میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ چاہے دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، قدرتی آفات کا مقابلہ ہو یا اقوامِ متحدہ کے امن دستوں میں شرکت، ہماری افواج نے ہمیشہ بھرپور فرض شناسی، نیک نیتی، خلوص، ہمدردی اور ملی جذبہ کے ساتھ قوم کی خدمت کی ہے۔

آج دنیا اور خطے میں سیکیورٹی کو درپیش پیچیدہ چیلنجز کے باوجود پاکستان امن کا خواہاں اور داعی ہے۔ ہم انصاف اور بین الاقوامی قوانین کی روشنی میں بقائے باہمی کے اصولوں پر کاربند ہیں۔ تاہم ہماری امن کی خواہش کو ہر گز کمزوری نہ سمجھا جائے۔ ہم اپنی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہر دم تیار ہیں اور ہماری افواج میں نہ صرف یہ کامل صلاحیت ہے بلکہ آہنی عزم بھی ہے۔

قوم کو اس بات پر فخر ہے کہ دشمن کی حالیہ جارحیت کا مؤثر جواب ہم نے کمال تحمل، درست حکمت عملی اور زبردست جنگی کارروائیوں کے ذریعے دیا۔

آپریشن "بنیان المرصوص" اور معرکۂ حق جیسے اقدامات ہماری تزویراتی بصیرت اور قومی استقامت کا واضح ثبوت ہیں۔ آج ہم بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط، جموں و کشمیر کے بھائیوں اور بہنوں کی جدوجہد آزادی میں اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ بھی کرتے ہیں۔ جو مسلسل پچھلے 78 سال سے ریاستی دہشت گردی اور ظلم و استبداد کا سامنا کر رہے ہیں اور اپنے بنیادی حق خودارادیت کے لیے ڈٹے ہوئے ہیں۔ پاکستان سیاسی، سفارتی اور اخلاقی محاذ پر اُن کے ساتھ ہمیشہ سے مضبوطی کے ساتھ کھڑا ہے اور اقوامِ متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے عین مطابق اس مسئلے کے پُرامن اور منصفانہ حل کا خواہاں ہے۔ آج کی دنیا میں جہاں خطرات صرف جنگی ہتھیاروں سے ہی نہیں بلکہ معلومات کی جنگ کی صورت میں بھی سامنے آتے ہیں، ایک باخبر، متحد اور ذمہ دار قوم کی طرح ہوشیار اور ثابت قدم رہنے کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ ہماری نوجوان نسل، ہمارا میڈیا، ہمارے اساتذہ اور سول سوسائٹی، سب کو اس قومی فریضے کی ادائیگی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان کا دفاع صرف افواجِ پاکستان کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ملک خداداد ہم سب کی مشترکہ امانت ہے کہ جس کی حفاظت ہم سب کا قومی اور اخلاقی فرض ہے۔ اس یوم دفاع پر، میں ہر پاکستانی سے اپیل کرتا ہوں کہ ان قربانیوں کو یاد رکھیں جن کی بدولت ہم آج آزادی کی فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں۔ آئیں ہم سب مل کر یہ عہد کریں کہ ہم ایک محفوظ، مضبوط، پُرامن اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا حصہ ضرور ڈالیں گے۔ ہم اپنے شہداء کو صرف الفاظ سے نہیں، بلکہ اپنے طرز عمل سے خراج تحسین پیش کریں گے اور اُن کے مشن کو آگے بڑھائیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہمارے پاک وطن کی حفاظت فرمائے، ہماری افواج کو ہمت و استقامت عطا فرمائے اور ہمیں ایک پرامن، ترقی یافتہ اور متحد قوم کے طور پر آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

پاک افواج پائندہ باد
پاکستان زندہ باد

ایڈمرل نوید اشرف

نشانِ امتیاز (ملٹری)
تمغہ بسالت
چیف آف نیول سٹاف

ہماری قومی تاریخ کے اوراق میں کچھ ایام ایسے ہیں جو روشن سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں اور ماضی کی شاندار یادوں کو تازہ کرتے ہیں۔ یہ ایام جذبہ حب الوطنی کو جلا بخشتے ہیں اور ہر قیمت پر مادرِ وطن کی خودمختاری اور سالمیت کی نگہبانی کے ہمارے صمیم عزم کو تازہ کرتے ہیں۔ اِن ایام میں 6 ستمبر کا دن ممتاز مقام کا حامل ہے جو مادرِ وطن کے دفاع میں پاکستان کی بہادر مسلح افواج کی بے مثال بہادری اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔

یہ دن اُس ثابت قدمی، غیر متزلزل عزم اور بلند حوصلے کا عکاس ہے جس کا مظاہرہ مسلح افواج کے جوانوں نے قومی دفاع کے مقدس فریضہ کی ادائیگی کے دوران کیا اور قوم کے شانہ بشانہ رہے۔ جیسے جیسے دہائیاں گزر رہی ہیں یہ تاریخی دن قومی افتخار کو تحریک دے رہا ہے اور یاد دلاتا ہے کہ پاکستان کا دفاع دشمن کی کسی بھی جارحیت کے مقابلے میں ناقابلِ تسخیر ہے اور اگر للکارا گیا تو فیصلہ کُن جواب دیا جائے گا۔ سب سے بڑھ کر یہ دن اُن شہداء کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے قومی دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنانے کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔

دفاعِ وطن کے اس ناقابلِ تسخیر جذبے کو معرکۂ حق کے دوران دُہرایا گیا جب دشمن نے ایک جھوٹے بہانے کے تحت غیر ذمہ دارانہ جارحیت کی۔ دنیا نے ہماری مسلح افواج کی ثابت قدمی کا مظاہرہ دیکھا جو ارضِ پاک کے دفاع میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنی رہیں۔ پاکستان نیوی نے اپنی مثالی جنگی تیاریوں اور سمندری نگہبانی کے ذریعے ملکی بحری سرحدوں کو محفوظ بنایا اور بھارتی نیوی کو اُس کے پانیوں تک محدود رکھ کر مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔

آج کا دن شجاعت، اتحاد اور قومی ولولے کا روشن مینارہ ہے جو ہم میں انتہائی دیانت داری، ایقان اور پختہ عزم کے ساتھ قومی خدمت کے جذبے کو مصمم کرتا ہے۔ پاک بحریہ کے آفیسرز، سی پی اوز/ سیلرز اور سویلینز اپنے شہداء اور غازیوں کے کارناموں کو سلام پیش کرتے ہیں اور قومی سلامتی اور معاشی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے ملکی بحری سرحدوں کے دفاع کے عہد کی تجدید کرتے ہیں۔

یومِ دفاع کے موقع پر آیئے ہم تہہ دل سے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے حضور سجدۂ شکر ادا کریں جس نے ہمیں ایک آزاد اور وسائل سے مالا مال ملک عطا کیا۔ ہمیں یہ بات ذہن نشین کرنی چاہیے کہ قوم کی حقیقی طاقت صرف اُس کی عسکری قوت یا بے پناہ وسائل میں نہیں ہوتی بلکہ اس کے عوام کی وفاداری، ثابت قدمی اور اتحاد میں بھی ہوتی ہے۔

مشکلات اور آزمائشیں ہماری راہ میں آتی ہیں لیکن یہ ہمیں مزید مضبوط اور پُرعزم بناتی ہیں چاہے وہ معرکۂ حق ہو یا حالیہ سیلاب جیسی قدرتی آفات، قوم نے ہمیشہ یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے اور افواجِ پاکستان اور عوام شانہ بشانہ کھڑے ہو کر ہر مشکل کا دلیری سے مقابلہ کرتے رہے۔ ہر شہری پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بے لوث خدمت، عظیم قربانی اور کامل وفاداری جیسے اقدار کو اپنائے، تاکہ یومِ دفاع کی روح ہمیشہ زندہ رہے اور ہمیں ہماری اجتماعی منزل کی طرف رہنمائی کرتی رہے۔

اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہمارا راہنما اور محافظ ہو۔ (آمین)

پاکستان نیوی زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو

نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرأت
چیف آف ایئر سٹاف

یومِ دفاعِ پاکستان ہمارے غیور عوام اور افواجِ پاکستان کے مثالی حوصلے، قربانی اور اتحاد کی علامت ہے۔ یہ دن ہماری تاریخ میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ دشمن کی جارحیت کے خلاف اُس عزمِ صمیم کی یاد دلاتا ہے جس کا مظاہرہ کرکے ہماری قوم نے دنیا کو دکھایا کہ پاکستان اپنی علاقائی سالمیت کا تحفظ بخوبی جانتا ہے۔ ایک مرتبہ پھر دشمن مئی 2025 میں ایک پُرامن ملک پر حملہ آور ہوا تاہم اسے ہمارے اسلاف کے روایتی جذبہ کے تقلید کی بدولت شکست فاش ہوئی۔ الحمدللہ، یہ شاندار کامیابی مسلح افواج کے بے مثال اتحاد، قومی یکجہتی اور اللہ تعالیٰ کی خصوصی کرم نوازی کا ثمر ہے۔ اس یادگار دن کو مناتے ہوئے ہم اپنے جانبازوں کے غیر معمولی کارہائے نمایاں کو یاد کرتے ہیں اور ان کی بے پناہ قربانیوں کو شاندار خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔

میرے عزیز ہم وطنو! پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جو پڑوسیوں اور تمام دنیا کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ امن بقائے باہمی کی شدید خواہش کے باوجود ہم دفاعِ پاکستان کی مقدس ذمہ داری سے غافل نہیں رہ سکتے۔ ہمیں سرحد پار سے جارحیت کے ذریعے کئی بار للکارا گیا ہے تاہم قومی ہم آہنگی کے بل بوتے پر اپنی بقاء کو لاحق خطرات سے ہمیشہ بطریق احسن نبرد آزما ہوئے۔

آج میں ایک بار پھر تمام اہلیانِ وطن کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہمیشہ کی طرح اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان کی فضائی سرحدیں ناقابلِ تسخیر ہیں۔ تیزی سے بدلتی ہوئی دفاعی صورتحال پر کڑی نظر رکھتے ہوئے پاکستان ایئر فورس اپنے فرض کو پوری یکسوئی کے ساتھ نبھانے کے لئے ہمہ وقت کمربستہ ہے۔ معرکۂ حق بنیان المرصوص کے دوران پاک فضائیہ نے اپنی کامرانیوں کی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ایک مرتبہ پھر اپنی مادرِ وطن کی مقدس فضاؤں کے محافظ رہنے کے عزم اور صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔

قومی فخر اور اتحاد کے اس تاریخی موقع پر میں حالیہ تباہ کن سیلاب کے متاثرین کے ساتھ یکجہتی کا بھی اظہار کرتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ ہمیشہ کی طرح پاک فضائیہ مشکل کی اس گھڑی میں دیگر مسلح افواج کے شانہ بشانہ مکمل تعاون فراہم کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔

اس خصوصی موقع پر ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی قربانیوں کا بھی اعتراف کرتے ہیں اور ان کشمیری شہداء کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے حق خودارادیت کی جدوجہد میں اپنی جانیں نچھاور کیں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں استقامت اور رہنمائی عطا فرمائے تاکہ مادرِ وطن کی حفاظت پاکستان کے عوام کی امنگوں کے عین مطابق کر سکیں (آمین)۔

پاک فضائیہ زندہ باد
پاکستان پائندہ باد



PID(I)2030-D/25

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

یوم دفاع 6th September Pakistan Defence Day

تحریر: محمد عاصم صدیقی

پاک فضائیہ اور تدبیرِ فتح

میڈیا چینلز نے پاکستانی شاہینوں کی شجاعت کی تصدیق کی اور شواہد دنیا کے سامنے رکھ کر بھارتی جھوٹ اور فریب کا پردہ چاک کیا۔ یوں تاریخ نے ایک بار پھر گواہی دی کہ جس قوم کے محافظ اقبال کے شاہین ہوں اور فضائیہ بقول قائد، 'سیکنڈ ٹو نن' ہوں تو اُسکی جانب میلی آنکھ سے دیکھنا کس قدر تباہ کن ہو سکتا ہے۔

کی ان تھک جستجو نے دشمن کو میدانِ کارزار میں بے بس کر دیا اور مادرِ وطن کے دفاع کو ناقابلِ تسخیر قلعہ بنایا۔ بھارتی فضائیہ کو چند ہی گھنٹوں میں پسپائی پر مجبور ہونا پڑا اور دنیا نے دیکھا کہ تاریخ نے ایک بار پھر خود کو دہرایا، فرق صرف یہ تھا کہ اب پاکستان کی فضائی قوت جدید سائبر، اسپیس اور الیکٹرانک وارفیئر کے

عہد کی تجدید ہیں کہ پاکستان کے شاہین کبھی بھی مادرِ وطن کے وقار پر سمجھوتا نہیں کریں گے۔ جیسا کہ خود ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا کہنا ہے کہ "فضا کی وسعتیں ہماری پرواز کو قید نہیں کر سکتیں، یہ تو ہمارے عزم کا امتحان ہیں۔" اُن کی بصیرت نے اس قوم کو یہ پیغام دیا کہ دفاع صرف میزائلز اور چند لڑاکا طیاروں



چکا تھا کہ صبح کا اجالا بیانِ حق ہوتا ہے۔ جب سورج کی پہلی کرن فضاؤں کو روشن کر رہی تھی، تب فخرِ پاکستان، جے ایف 17- تھنڈر بلاک تھری نے اپنی گھن گرج سے ایسا جواب دیا کہ آئندہ برسوں کے دوران جب جب فضائی معرکوں کا ذکر ہوگا ایس 400- کی تباہی کا قصہ سرِفہرست ہوگا۔ جس دشمن کو اپنے جدید ترین ایس 400-ایئر ڈیفنس سسٹم پر ناز تھا، اُس کے غرور کو پاکستانی شاہینوں نے خاکستر کر دیا۔ جے ایف 17- تھنڈر بلاک تھری نے اپنے جدید ریڈارز، ہائپر سونک میزائلوں اور برق رفتاری سے آسمانوں کا سینہ چیرتے ہوئے نہ صرف ایس- 400 نظام کو نشانہ بنایا بلکہ ان میں سے دو سسٹمز کو تباہ کر کے دشمن کا گھمنڈ توڑا، اور یہ ثابت کیا کہ ہماری قوت محض ہتھیاروں میں نہیں بلکہ عزم و ایمان میں پوشیدہ ہے۔

یہ معرکہ صرف پاک و ہند تک محدود نہ رہا بلکہ دنیا کے کونے کونے میں گونج اٹھا جب بی بی سی، سی این این اور الجزیرہ جیسے عالمی

ایم ایم عالم اور جانبازوں کی قربانیاں

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت اس عسکری ضرب المثل کی جیتی جاگتی تصویر بن گئی ہے کہ جنگ میں ارادے کی قوت ہی فیصلہ کن عنصر ہوتی ہے۔ اُن کے فیصلے محض وقتی ردعمل نہیں بلکہ ایسی دور رس تدابیر تھے جنہوں نے پاکستان کو خطے میں تکنیکی برتری بخشی۔ اُن

ایک حسین امتزاج سے لازوال بنیان المرصوص بن چکی تھی۔

یہ حقیقت ہے کہ ہمارے شہسواروں نے 1965 میں جس میراث کو خونِ جگر سے سینچا، آج کے شاہینوں نے اسے نئی جہتوں اور جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ زندہ کر دیا ہے۔ یومِ دفاع کی ساعتیں اسی

کا کھیل نہیں بلکہ ذہانت، ٹیکنالوجی اور بروقت فیصلوں کی جنگ ہے۔ ایم ایم عالم اور سرفراز رفیقی کے ولولے کی امین، پاک فضائیہ اس برس یوم دفاع پر دشمن کو ایک بار پھر یہی پیغام دیتی ہے کہ ایئر چیف کی قیادت میں ہم دشمن کی کسی بھی جاہریت کے خلاف، ہمہ وقت صف بستہ اور تیار ہیں۔

ستمبر 6
یومِ دفاعِ پاکستان

یومِ دفاعِ پاکستان ہمارے غیور عوام اور افواجِ پاکستان کے مثالی حوصلے، قربانی اور اتحاد کی علامت ہے۔ یہ دن ہماری تاریخ میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ دشمن کی جارحیت کے خلاف اُس عزمِ صمیم کی یاد دلاتا ہے جس کا مظاہرہ کر کے ہماری قوم نے دنیا کو دکھایا کہ پاکستان اپنی علاقائی سالمیت کا تحفظ بخوبی جانتا ہے۔ ایک مرتبہ پھر دشمن مئی ۲۰۲۵ء میں ایک پُرامن ملک پر حملہ آور ہوا تاہم اسے ہمارے اسلاف کے روایتی جذبہ کے تقلید کی بدولت شکست فاش ہوئی۔ الحمدللہ، یہ شاندار کامیابی مسلح افواج کے بے مثال اتحاد، قومی یکجہتی اور اللہ تعالیٰ کی خصوصی کرم نوازی کا ثمر ہے۔ اس یادگار دن کو مناتے ہوئے ہم اپنے جانبازوں کے غیر معمولی کارہائے نمایاں کو یاد کرتے ہیں اور ان کی بے پناہ قربانیوں کو شاندار خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔

میرے عزیز ہم وطنو! پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جو پڑوسیوں اور تمام دنیا کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ امن بقائے باہمی کی شدید خواہش کے باوجود ہم دفاعِ پاکستان کی مقدس ذمہ داری سے غافل نہیں رہ سکتے۔ ہمیں سرحد پار سے جارحیت کے ذریعے کئی بار للکارا گیا ہے تاہم قومی ہم آہنگی کے بل بوتے پر اپنی بقاء کو لاحق خطرات سے ہمیشہ بطریق احسن نبرد آزما ہوئے۔

آج میں ایک بار پھر تمام اہلیانِ وطن کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہمیشہ کی طرح اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان کی فضائی سرحدیں ناقابلِ تسخیر ہیں۔ تیزی سے بدلتی ہوئی دفاعی صورتحال پر کڑی نظر رکھتے ہوئے پاکستان ائیر فورس اپنے فرض کو پوری یکسوئی کے ساتھ نبھانے کے لئے ہمہ وقت کمربستہ ہے۔ **معرکہ حق بنیان مرصوص** کے دوران پاک فضائیہ نے اپنی کامرانیوں کی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ایک مرتبہ پھر اپنی مادرِ وطن کی مقدس فضاؤں کے محافظ رہنے کے عزم اور صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔

قومی فخر اور اتحاد کے اس تاریخی موقع پر میں حالیہ تباہ کن سیلاب کے متاثرین کے ساتھ یکجہتی کا بھی اظہار کرتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ ہمیشہ کی طرح پاک فضائیہ مشکل کی اس گھڑی میں دیگر مسلح افواج کے شانہ بشانہ مکمل تعاون فراہم کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔

اس خصوصی موقع پر ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی قربانیوں کا بھی اعتراف کرتے ہیں اور ان کشمیری شہداء کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے حقِ خودارادیت کی جدوجہد میں اپنی جانیں نچھاور کیں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں استقامت اور رہنمائی عطا فرمائے تاکہ مادرِ وطن کی حفاظت پاکستان کے عوام کی امنگوں کے عین مطابق کر سکیں (آمین)۔

ائیر چیف مارشل
ظہیر احمد بابر سدھو، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرأت
چیف آف دی ائیر سٹاف، پاکستان ائیر فورس

پاکستان ایئر فورس
قوم کا سرمایۂ افتخار

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی مدبرانہ قیادت

شاہینوں کی اڑان اور 1965 کی سنہری داستان

جدید ٹیکنالوجی اور آپریشن ضربِ کرار 2025

فضا کی لامتناہی وسعتوں میں جب شاہینوں نے اپنے فولادی پر پھیلائے تو تاریخ نے گواہی دی کہ عزم و ہمت کے آگے دشمن کی کثرت بھی رائیگاں جاتی ہے۔ پاک فضائیہ کی داستان، ایثار، قربانی اور عسکری تدبر سے عبارت ہے، جس میں 1965 کی جنگ کے سنہری ابواب اور 2025 کے معرکۂ حق کی تابناک کہانیاں مانو ایک ہی زنجیر کی دو کڑیاں دکھائی دیتی ہیں۔ ستمبر 1965 میں جب وسائل محدود مگر ولولے بامِ عروج پر تھے، تب فضائے عرضِ پاک میں ایسے شاہین نمودار ہوئے جنہوں نے دشمن کو یہ باور کروایا کہ پاکستان کی فضائی

فضاؤں کو مسخر کرتے ہوئے اپنی بہادری سے اقوامِ عالم کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔

وقت کا پہیہ آگے بڑھا اور اکیسویں صدی کے اس برق رفتار دور میں ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاک فضائیہ کی کمان سنبھالی اور اپنی غیر معمولی بصیرت اور مدبرانہ قیادت سے پاک فضائیہ کو روایتی فضائی قوت سے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی، نیکسٹ جنریشن فورس میں بدل ڈالا۔ اُن کی قیادت میں نہ صرف ملٹی رول فائٹر جیٹس بشمول جے 10- سی، جدید ریڈار سسٹم سے لیس جے ایف 17 تھنڈر بلاک تھری طیارے اور

ٹیکنالوجی اور عزم کا وہ شاہکار تھا جس نے بھارتی فضائیہ کے کمانڈ اینڈ کنٹرول کو فریب زدہ تماشہ بنا ڈالا۔ جب بھارتی فضائیہ ہٹ دھرمی سے حملہ آور ہوئی، تو شاہینوں نے جوابی کارروائی کے دوران جے 10- سی طیاروں سے بیونڈ ویژول

عسکری جرآت اور مدبرانہ قیادت نے مل کر دشمن کی فضا کو اپنا فسانہ سنایا، ایک ایسا فسانہ جو سرحد پار برسوں تک یاد رکھا جائے گا۔

دشمن نے جدید ہتھیاروں اور عددی برتری پر تکیہ کیا مگر ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر

جے 10- سی اور جے ایف 17- تھنڈر بلاک تھری کی شاندار کارکردگی

رینج میزائلوں کے ذریعے حملہ کرتے ہوئے سرحد پار دشمن کے طیاروں کا ایک قبرستان بنا دیا، نیٹ ورک سینٹرک انٹیلیجنس نے دشمن طیاروں کو گھیرا اور الیکٹرانک وارفیئر سسٹم نے ان میں نصب دفاعی آلات مفلوج کیے، نتیجتاً، دشمن کے 6 لڑاکا طیارے جن میں رافیل، مگ 29-، ایس یو 30-، میراج 2000- اور ہیروں جیسے جدید ڈرون شامل تھے تباہ ہو کر زمین بوس ہوئے۔ یہ وہ پل تھا جب تکنیکی مہارت،

سدھو کی جانب سے وضع کردہ کل چین اور 4.5 جنریشن کے جے 10- سی طیاروں نے اسے فریب نظر میں جکڑ لیا، انٹیلیجنس فیوژن اور نیٹ ورک سینٹرک آپریشنز نے بھارتی کمانڈ اینڈ کنٹرول کو ناکارہ کر کے رکھ دیا۔ یہ وہی لمحہ تھا جب فضا میں پاکستانی شاہینوں کی یلغار نے دشمن کے سینے پر خوف کے ایسے کوڑے برسائے کہ عددی برتری کا یہ کھوکھلا بت پاش پاش ہو گیا۔ رات کی تاریکی میں حملہ آور ہونے والا بزدل دشمن شاید یہ بھول

بھارتی ایس 400- ائیر ڈیفنس کا انہدام

سرحدیں ناقابلِ تسخیر ہیں۔ ایم ایم عالم کا نام اس باب میں تاریخ کے اوراق پر سنہرے حروف سے کندہ ہے، جنہوں نے ایک ہی مشن میں پانچ بھارتی طیارے گرائے اور پوری دنیا کو پاکستانی شاہینوں کی برق رفتاری اور مہارت کا قائل کر دیا۔ اسی طرح سرفراز رفیقی، یونس، علاؤالدین اور دوسرے جانباز پائلٹس نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دشمن کو دھول چٹا دی۔ یہ تھے قوم کے دلیر سپوت، جنہوں نے کم وسائل کے باوجود

ڈرونز بروقت آپریشنلائز ہوئے بلکہ اسٹیلتھ ٹیکنالوجی، سپیس و سائبر وارفیئر اور ملٹی اسپیکٹرم وار کو بھی جنگی حکمت عملی کا جزوِ لازم بنا دیا گیا۔ یہی وہ جہتیں تھیں جنہوں نے 2025 میں بھارت کی جارحانہ مہم جوئی کو "آپریشن ضربِ کرار" کے ذریعے خاک میں ملا دیا۔ فضا کے سینے پر جب "آپریشن ضربِ کرار" نے اپنی آہنی مہر ثبت کی، تو لگا کہ جیسے فضاؤں نے دشمن کے غرور کو خاموش کر دیا ہو۔ یہ محض ایک آپریشن نہیں تھا بلکہ ذہانت،

عالمی میڈیا کی گونج اور تاریخ کا اعادہ

ایڈیٹوریل

پاکستان اور چین نے ہر مشکل میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا

وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ پاکستان میں حالیہ سیلاب سے نمٹنے کے لیے قومی سطح پر بھرپور کوششیں جاری ہیں، چین کی جدید ٹیکنالوجی اور طریقے پاکستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے میں سودمند ثابت ہوں گے، قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور طریقہ کار کے استعمال پر چین قابل تعریف ہے، یہ پاکستان میں بھی انتہائی مددگار ثابت ہوگا، چینی مہارت سے فائدہ اٹھا کر پاکستان مستقبل میں مؤثر حفاظتی اقدامات کرنے اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے حکمتِ عملی بنانے کے قابل ہوگا، پاکستان میں انٹرنیشنل میڈیکل سینٹر اور پاک۔ چین جوائنٹ لیب جیسے منصوبوں کو مزید فعال بنایا جائے اور دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کو وسعت دی جائے، چین کے ساتھ مضبوط دوستی پر فخر ہے، پاکستان اور چین نے ہر مشکل میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے، غربت کے خاتمے اور مشترکہ خوشحالی کا صدر شی جن پنگ کا ویژن ہمارے لیے مشعل راہ ہے، بدعنوانی اور غربت کا خاتمہ ہماری حکومت کی ترجیح ہے، ہمیں اپنے نوجوانوں کی صلاحیتوں سے استفادہ کرنا ہے، پاک چین دوستی کی مشعل اب نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، آئیں مل کر ترقی اور خوشحالی کا ایک نیا باب رقم کریں۔ وہ اتوار کو یہاں تیانجن یونیورسٹی میں فیکلٹی ممبران اور طلباء سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور ان کے وفد کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تیانجن یونیورسٹی میں موجودگی میرے لیے فخر کا باعث ہے، پہلی بار 2017ء میں، میں نے اس یونیورسٹی کا دورہ کیا تھا اور پاکستانی اور چینی طلباء سے ملاقات کی تھی، تیانجن یونیورسٹی علم و دانش کی بہترین درسگاہ ہے، یونیورسٹی نے بہترین سائنسدان اور مفکر تیار کیے ہیں، یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہونے والے طلباء نے چین کی ترقی کے سفر میں بھرپور کردار ادا کیا ہے، مجھے پاکستان طلبا کی بڑی تعداد دیکھ کر خوشی ہوئی ہے، 200 سے زائد پاکستانی طلباء تیانجن یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں، میرا آپ کے لیے پیغام ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو موقع دیا ہے اس عظیم درسگاہ سے جدید تعلیم سے آراستہ ہوں، پاکستان کا عظیم سفیر ہونے کے ناطے محنت سے تعلیم حاصل کریں، وقت کی پابندی کریں ہمیں آپ سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں کہ آپ پاکستان کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، پاکستان اور چین کی دوستی کو فروغ دیں گے جس دوستی کی بنیاد ہماری پہلی نسلوں نے رکھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی باہمی اعتماد، احترام اور پرخلوص محبت کی بنیاد پر قائم ہے ہماری دوستی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے، پاکستان اور چین نے ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سی تبدیلیاں بھی آتی رہی ہیں لیکن ہماری دوستی مضبوط سے مضبوط تر ہوئی ہے، ہماری منزل ایک ہے، پاک چین دوستی اور تعلقات اتنے ہی دیرینہ ہیں جتنی کہ شاہراہِ ریشم ہے، پاکستان اور چین تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، یہ ہمارا واضح ویژن ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی ہمیشہ قائم رہے گی، شاہراہ قراقرم دونوں ممالک کے درمیان دوستی کا عظیم منصوبہ ہے، پاکستان مسلم دنیا کا پہلا ملک تھا جس نے عوامی جمہوریہ چین کو تسلیم کیا، 60 سال قبل بیجنگ جانے والی پہلی بین الاقوامی پرواز کراچی سے روانہ ہوئی، وزیراعظم نے کہا کہ عظیم شاعر مشرق علامہ محمد اقبال چینی قوم کی قابلیت اور صلاحیتوں کو جانتے تھے، شاعر مشرق نے ایک صدی قبل چین کی ترقی کی پیش گوئی کی تھی، چین اس وقت دنیا کی سب سے بڑی معیشتوں میں شامل ہے اور ہمیں بحیثیت پاکستانی اس پر فخر ہے، چین نے 80 کروڑ سے زائد افراد کو خط غربت سے نکالا ہے یہ ایک بہت بڑی کامیابی اور دنیا کے لیے ماڈل ہے، چین آج دنیا کی ایک بڑی معاشی و فوجی طاقت ہے، ہمیں چین کے ساتھ اپنی مضبوط دوستی پر فخر ہے، چین کے ویژنری لیڈر صدر شی جن پنگ کے مشترکہ خوشحالی کے ویژن نے دنیا کو اپنا گرویدہ کر لیا ہے، پاکستان صدر شی جن پنگ کے ویژن اور فلسفے کی مکمل حمایت کرتا ہے، عوام کی فلاح و بہبود چین کی حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر شی جن پنگ مشترکہ خوشحالی، ترقی کے فروغ اور بدعنوانی کے خاتمے پر یقین رکھتے ہیں یہی میری پاکستان میں پالیسی ہے، میری حکومت کے خلاف ایک پیسے کی کرپشن کا الزام بھی نہیں ہے، شفافیت اور ان تھک محنت قوموں کی تقدیر بدل سکتی ہے، غربت کے خاتمے اور مشترکہ خوشحالی کا صدر شی جن پنگ کا ویژن ہمارے لیے مشعل راہ ہے، چین اگر آج دنیا کی بڑی معاشی اور فوجی قوت ہے تو یہ صرف باتوں سے نہیں بلکہ عملی طریقے سے ممکن ہوا ہے، صنعتی، زرعی، سائنس و ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں ترقی کے لئے پاکستان چین کی پیروی کر رہا ہے۔ پاکستان اور چین کی دوستی ہمالیہ سے بلند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، ہمیں چین کے ماڈل سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 30 ہزار کے قریب پاکستانی چین میں زیر تعلیم ہے، ہمیں نوجوانوں کی صلاحیتوں سے استفادہ کرنا ہے، یہ طلباء جدید تحقیق عصری تعلیم اور فنی مہارتوں سے استفادہ کر رہے ہیں، فنی تربیت آج کے دور کی ضرورت ہے، ہم چین کے تعاون سے فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے فروغ کے خواہاں ہیں، تعلیم کے میدان میں پاکستانی اور چینی جامعات کے تعاون کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، ہم اپنے طلبا پر جو کچھ خرچ کریں گے یہ ہماری سرمایہ کاری ہوگی جس کے فوائد مستقبل میں ہمیں حاصل ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم ہزاروں طلبا کو چین میں تعلیم و تربیت کے لیے بھجوا رہے ہیں، 600 پاکستانی زرعی گریجویٹس نے چین سے اپنی تربیت مکمل کر لی ہے، ہواوے کتاب سے بھی پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں ہنرمند بنانے کے پروگرام جاری ہیں، ہم مزید چینی کمپنیوں کے ساتھ بھی آئی ٹی، اے آئی اور دیگر پروگرام حاصل کرنے کے خواہاں ہیں، پاک چین دوستی کی مشعل اب نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، آئیں مل کر ترقی اور خوشحالی کے دور کا ایک نیا باب رقم کریں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چوتھے روز بھی فیلڈ میں موجود رہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف قصور ڈی پی ایس میں قائم فلڈ ریلیف کیمپ پہنچ گئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلاب متاثرہ خواتین کے ریلیف کیمپ کا بھی دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلاب متاثرین سے بات چیت کی اور مسائل دریافت کئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عارضی ہسپتال میں مریضوں کی عیادت کی، مزاج پرسی اور دلاسہ دیا۔ خاتون نے اظہار تشکر کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو ٹیم نے کال پر فوراً پہنچ کر سیلابی ریلے سے نکالا اور کیمپ منتقل کیا۔ ایک اور خاتون نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا بہت شکریہ، ہمیں سیلاب سے نکالا بھی گیا اور بحفاظت یہاں لائے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فلڈ ریلیف کیمپ میں مقیم بچوں سے اظہارِ شفقت کیا اور گود میں بٹھا کر پیار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کلاس روم میں بچوں سے خوشگوار موڈ میں بات چیت کی، بچوں کے وائٹ بورڈ پر نام لکھنے پر انعامات دیئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو فلڈ ریسکیو و ریلیف پر بریفنگ دی گئی۔ سیلاب کی وجہ سے ضلع قصور کے 29 گاؤں متاثر ہوئے ہیں، 18300 آبادی کو ریسکیو کیا اور بروقت انخلا یقینی بنایا گیا۔ ضلع قصور میں 36129 مویشی بھی بحفاظت محفوظ مقامات پر منتقل کئے گئے۔ قصور ریلیف کیمپ میں دھوپ سڑی، مبوکے، اولہ کے، نگر ایمن پورہ مائی والا فتی والا اور دیگر علاقوں سے متاثرین شامل ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے سیلاب زدہ علاقوں سے متاثرین کو خود بوٹس سے نکالا اور گاڑیوں پر ریلیف کیمپ منتقل کیا۔ ریلیف کیمپ میں 60 خاندان اور 312 افراد مقیم ہیں اور کھانے کا بہترین انتظام کیا گیا ہے۔ ریلیف کیمپ میں مقیم سیلاب متاثرہ خاندانوں کے بچوں کی پڑھائی بھی جاری ہے۔ چھوٹے بچوں کے لئے وسیع میدان ہے، کھیل کود کے مواقع دیئے جارہے ہیں۔ سیلاب متاثرین کے لئے تین ڈاکٹر اور طبی عملہ چوبیس گھنٹے موجود ہیں۔ فلڈ ریلیف میڈیکل کیمپ میں 170۔ افراد علاج معالجے کی سہولت سے مستفید ہو چکے ہیں۔

اپنی زمینیں واپس لینے کے لیے بے قرار دریائے راوی

برملا — نصرت جاوید

nusrat.javeed@gmail.com

ایک حوالے سے دیکھیں تو بات بہت سادہ ہے اور وہ یہ کہ پانی سے بھرے ہوئے برتن میں آپ مزید پانی ڈالیں گے تو وہ برتن سے باہر نکل کر زمین پر پھیل جائے گا۔ گزشتہ چند دنوں سے ہم جس سیلاب کو بھگت رہے ہیں اس کی بنیادی وجہ بھارتی صوبہ ہماچل پردیش اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے جموں میں ہوئی ریکارڈ توڑ بارشیں ہیں۔ ان بارشوں کی وجوہات پر غور کرنے کے بجائے سوشل میڈیا پر بحث یہ شروع ہوگئی کہ دریائے راوی کے ’پیٹ میں بنی‘ عمارتوں کی وجہ سے آئے سیلاب کا حقیقی ذمہ دار کون ہے؟ عمران خان کے لگائے عثمان بزدار کی پنجاب گورنمنٹ یا موجودہ وزیراعلیٰ۔ سوشل میڈیا کے بیشتر ساتھی حق و صداقت کے علمبردار ہیں۔ ان کی نگاہ میں مجھ جیسے کمی کمین صحافی ’سیٹھ میڈیا‘ کی غلامی کے علاوہ حکومتوں سے بھی لفافے وغیرہ وصول کرتے ہیں۔ غالباً اسی باعث انھوں نے ایک میڈیا مالک کو ’لاہور کی تباہی‘ کا واحد ذمہ دار ٹھہرا کر خوب رونق لگائی۔ اس سوال پر غور کرنے کی زحمت ہی محسوس نہ کی کہ گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان 1960ء کی دہائی میں ہوئے سندھ طاس بیسن کی وجہ سے دریائے راوی کا فقط 15 فیصد ہی وصول کر رہا تھا۔ جو 15 فیصد ہمارے ہاں آرہا تھا اسے بھی غلاظتوں سے بھر کر ہم نے گندے پانی کے جوہڑ میں تبدیل کر دیا۔

راوی کو بھارت کے سپرد کرنے کے بعد آئی ہر حکومت کی ذمہ داری تھی کہ لاہور کے پھیلاؤ کو مناسب منصوبہ بندی کے بعد شدت سے روکنے کی کوشش کرتی۔ ایسا کرتے ہوئے یاد رکھا جاتا کہ شہروں کو دریا ہی آباد رکھتے ہیں۔ نیویارک ہڈسن دریا کا محتاج ہے۔ لندن کی زندگی کو ٹیمز دریا رواں رکھتا ہے۔ اس حقیقت کو بھلا کر مگر لاہور کو مسلسل پھیلانے کی کوششیں جاری رہیں۔ لاہور کو مزید ’شاندار‘ دکھانے کے لیے بلکہ خشک ہوئے راوی کی ’فطری زمینوں‘ پر قبضے کے لیے روڈا کے نام سے ایک قانون بنایا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے ایک جرأت مند جج جناب شاہد کریم صاحب نے اس منصوبے پر واجب سوال اٹھا کر پنجاب اسمبلی سے پاس کروائے راوی کو ’نیا شہر‘ بنانے والے قانون کو ختم کر دیا۔ حکومت مگر سپریم کورٹ پہنچ گئی اور وہاں بہت ہی ’اصول پسند‘ مشہور ہوئے دو ججوں نے ہائیکورٹ کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ وہ دونوں صاحبان مذکورہ فیصلے کے بعد پراسرار انداز میں بنچ سے فارغ ہو چکے ہیں۔ حق و صداقت کے علمبردار میرے کسی ساتھی نے ان سے رابطے کی کوشش ہی نہیں کی۔ فقط یہ طے کرنے میں مصروف رہے کہ جس سیلاب نے لاہور کو چونکا دیا ہے اس کی ذمہ دار موجودہ حکومت ہے یا عمران خان کی سرپرستی میں قائم ہوا روڈا۔

حق و صداقت کے علمبرداروں کی جانب سے محض چند افراد پر توجہ مرکوز رکھنے کی وجہ سے ہم یاد نہیں رکھ پائے کہ سیلاب نے فقط لاہور کے دریا ہی پر خوفناک دستک نہیں دی۔ دریائے ستلج کو بھی ہم راوی کی طرح بھارت کے سپرد کر چکے تھے۔ ہماچل پردیش میں ریکارڈ توڑ بارشوں کی وجہ سے مگر ستلج کے پانی کو ذخیرہ کرنے والے بھارتی بند ’مزید‘ کے قابل نہ رہے۔ قصور سے شروع ہو کر بہاولپور تک ستلج کے سیلاب نے جو تباہی مچائی اس کی شدت کا حقیقی معنوں میں ہم احساس ہی نہیں کر پائے ہیں۔ جموں کی ریکارڈ توڑ بارشوں نے وہاں سے 30 کلومیٹر دور واقع سیالکوٹ کے علاوہ نارووال کے بے تحاشا دیہات میں قیامت خیز تباہی پھیلائی ہے۔ جموں کے نواح میں واقع یہ علاقے چاول پیدا کرنے کے مراکز شمار ہوتے ہیں۔ چاول کی جن فصلوں نے ہمیں غیر ملکی زرمبادلہ کما کر دینا تھا اب تباہ ہو چکی ہیں۔ چاول کی تباہی ان علاقوں کے کاشتکاروں کو آئندہ 4 سے 5 برس تک بدحال و مقروض رکھے گی۔ ان کی مشکل مگر ہم صحافیوں کی خاطر خواہ توجہ حاصل نہ کر پائی۔ سیلاب جیسی آفت کو بھی ہم میڈیا والوں نے چسکہ یا غیبت فروشی کے لیے ہی استعمال کیا ہے۔

میرے بچپن میں راوی ایک بھرپور دریا تھا۔ ہمارے محلے میں سال میں کم از کم چار مرتبہ خبر آتی کہ کون سے گھر کا کون سا فرد دریا میں ڈوب کر مر گیا ہے۔ ہمارے گورنمنٹ کالج کی روئنگ کلب بھی تھی۔ میں اکثر وہاں جا کر کشتی حاصل کرنے کے بعد ملاح کے بجائے خود چپو چلاتے ہوئے کامران کی بارہ دری تک پہنچنے کی کوشش کرتا۔ ایک بار بھی لیکن از خود وہاں پہنچ نہ پایا۔ تھک کر خود کو ملاح کے سپرد کر دیتا۔ دریں اثناء ہاتھوں میں چھالے تکلیف دینا شروع کر دیتے۔ ان چھالوں سے نجات کے لیے دو سے تین دنوں تک گرم توے سے اترے پراٹھے کو مٹھیوں میں لینا پڑتا۔

غالباً اس کالم میں کئی بار لکھ چکا ہوں کہ میں اسلام آباد سے لاہور جانے کے لیے جی ٹی روڈ کو موٹروے پر ترجیح دیا کرتا تھا۔ آج سے تقریباً دس برس قبل شاہدرہ پل پہنچا تو آسمان مردار کھاتے پرندوں کے غول کی وجہ سے نظر نہ آیا۔ پل کے پاس بچے پلاسٹک کے تھیلوں میں گوشت کے لوتھڑے بیچ رہے تھے۔ اسے خرید کر لوگ ’صدقہ‘ کے لیے گوشت کو ہوا میں اچھالتے جن پر مردار خور پرندے حملہ آور ہوتے۔ یہ مناظر دیکھنے کے بعد میرے دل میں یہ خیال بیٹھ چکا ہے کہ ’زندہ دلان‘ کے نام سے مشہور ہوا شہر اب ’مردار خور‘ پرندوں کے ذریعے اپنا ’تعارف‘ کرواتا ہے۔

ذرا سنجیدگی سے سوچیں تو سندھ طاس معاہدے کو مرتب کرنے والے ’عاقلانِ کل‘ بھی اس حقیقت کو فراموش کر گئے کہ دریا کی بھی یادداشت ہوتی ہے۔ اس کا پانی کسی اور راستے سے بہنے کے لیے ہرگز آمادہ نہیں ہوتا۔ انسان کو مگر اپنی ’ذہانت‘ پر بہت مان ہے۔ راوی کو ہم نے بھارت کے حوالے کر دیا تو اس نے مذکور دریا کے پانی کا رخ راجستھان کو سیراب کرنے کی طرف موڑنے کے لیے مادھوپور کے مقام پر جو بند بنایا وہ اب کی بار راوی کے آگے بے بس ہو گیا۔ 2025ء میں نمودار ہوئی اس بے بسی کو دیکھ کر مجھے یاد آیا کہ ہندوؤں کی مقدس کتاب ’رگ وید‘ میں راوی کو اراوتی پکارا گیا ہے۔ اس کے کناروں پر، رگ وید کے بقول، دس قبائل رہا کرتے تھے جو ایک دوسرے کے ساتھ دریا پر کامل قبضے کی جنگ میں مصروف رہتے تھے۔ ان پر قابو پانے کے لیے سوداس نامی بادشاہ نے دیوتا اندر کی مدد لی اور ’مقید دریا‘ کو آزاد کروایا۔

مذکورہ واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے رگ وید نے راوی کو ’مقید دریا‘ کہا۔ یہ ترکیب میری اختراع نہیں ہے۔ آج سے کئی برس قبل راوی کا رگ وید میں ذکر یاد کرتے ہوئے کئی گھنٹوں سے مسلسل سوچ رہا ہوں کہ اب کی بار بھارت میں بنائے ڈیموں میں ’مقید‘ راوی کو کس نے آزاد کروایا ہے۔ بھارتی صوبے ہماچل پردیش کے کانگڑہ ضلع میں ڈلہوزی کی پہاڑیوں سے ریکارڈ توڑ بارشوں کی وجہ سے گرتے پانی کی تیزی اور شدت یہ سوچنے کو مجبور کر رہی ہے کہ راوی اپنی ’زمین چھین جانے‘ سے خوش نہیں تھا۔ ان زمینوں پر قبضہ واپس لینے کو بے قرار تھا۔ اس کی بے قراری بالآخر اپنا مقصد حاصل کرنے میں کافی حد تک کامیاب رہی ہے۔ یہ سوال اگرچہ اپنی جگہ برقرار ہے کہ خود کو ’عقلِ کل‘ تصور کرتے انسان دریا کی یادداشت اور بے قراری کے ادراک کو آمادہ ہیں یا نہیں۔

(بشکریہ نوائے وقت)

جنوبی پنجاب کے لیے سیلابی وارننگ۔۔ بہتا دریا

سائرن — محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

جنوبی پنجاب کی زمین ہمیشہ سے دریاؤں کے پانی پر زندہ رہی ہے، انہی پانیوں نے اسے زرعی لحاظ سے سب سے زرخیز خطہ بنایا، انہی پانیوں نے ملتان کو آموں کا شہر اور بہاولپور کو کپاس کی سلطنت بنایا، انہی پانیوں نے وہاڑی، خانیوال، لودھراں اور رحیم یار خان کو ان گنت خوشبوؤں اور رزق کا گہوارہ بنایا، مگر آج وہی پانی اس خطے کے لیے ایک خوفناک امتحان بن کر آیا ہے۔ بھارت کی طرف سے چھوڑا گیا پانی اور اوپر سے موسلا دھار بارشیں اس وقت دریا چناب، ستلج اور راوی کو ایک قیامت خیز منظر میں بدل چکی ہیں۔ ان دریاؤں کے پشتے چیخ رہے ہیں، ان کے کنارے لرز رہے ہیں، اور ان کے قریب آباد بستیوں میں ہر لمحہ خوف کی کیفیت ہے۔ ملتان سے مظفر گڑھ تک، لیہ سے بھکر تک، ڈیرہ غازی خان سے راجن پور تک، بہاولپور سے رحیم یار خان تک ہر ضلع ایک ہی صدا لگا رہا ہے کہ بچاؤ، مدد، رہنمائی۔ مگر وقت بہت تیز ہے اور پانی کے ریلے ہر سمت بڑھتے جارہے ہیں۔

ملتان جو کبھی علم اور تہذیب کا مرکز مانا جاتا تھا، آج پانی کے دباؤ میں ہے۔ اس کے مضافات میں بستی ملوک، شجاع آباد اور جلالپور پیروالہ کے کھیتوں میں کھڑی فصلیں زمین سے اکھڑ کر پانی کی نذر ہو رہی ہیں۔ کسان جو دن رات محنت کر کے بیج ڈالتے اور آبیاری کرتے تھے، آج اپنی محنت کو بہتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں بے بسی ہے، ہاتھوں میں لرزاہٹ ہے، دلوں میں خوف ہے اور زبان پر ایک ہی سوال کہ کیا ہماری زندگی بھر کی محنت چند لمحوں میں ختم ہو جائے گی؟ مظفر گڑھ کی زمین پہلے ہی دو دریاؤں کے درمیان پھنسی ہوئی ہے، یہاں کے لوگ صدیوں سے پانی کے رحم و کرم پر ہیں۔ اس بار بھی وہی منظر ہے کہ دریائے چناب کا بہاؤ تیز ہوا تو بستیاں ڈوب گئیں، کھیت تباہ ہو گئے اور ہزاروں خاندانوں کو انخلا کرنا پڑا۔ انخلا بھی کیسا، نہ ٹرانسپورٹ، نہ مناسب راستے، نہ کوئی منظم نظام۔ لوگ بیل گاڑیوں پر، موٹر سائیکلوں پر یا کندھوں پر سامان لادے نکل رہے ہیں۔ عورتیں بچوں کو اٹھائے ہیں، بوڑھے بزرگ اپنے عصا پر بھروسہ کیے چل رہے ہیں اور نوجوانوں کی آنکھوں میں ایک ہی سوال ہے کہ کہاں جائیں، کون سنبھالے گا۔

لیہ اور بھکر میں دریائے سندھ کی طغیانی نے ایک اور قیامت برپا کر رکھی ہے۔ کچے کے علاقے مکمل طور پر پانی میں ڈوب چکے ہیں، وہاں کے مکین جان بچانے کے لیے درختوں پر چڑھ گئے ہیں یا کشتیوں کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔ جانور ڈوب رہے ہیں، مویشی بہہ رہے ہیں اور کھیت مکمل تباہی کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ کسان جنہوں نے اپنی زمین پر کماد اور گندم بوئی تھی، آج اس زمین کو پانی میں بہتے دیکھ رہے ہیں۔ ان کیلئے یہ صرف معاشی نقصان نہیں بلکہ ایک جذباتی صدمہ بھی ہے کیونکہ ان زمینوں سے ان کی نسلوں کی وابستگی ہے۔

ڈیرہ غازی خان اور راجن پور کے پہاڑی نالے پہلے ہی خطرناک مانے جاتے ہیں، مگر اس بار بارشوں کی شدت نے ان نالوں کو طوفانی ریلوں میں بدل دیا ہے۔ کوہِ سلیمان سے اترنے والا پانی جب میدانی علاقوں میں پہنچتا ہے تو سب کچھ بہا کر لے جاتا ہے۔ گاؤں کے گاؤں صفحہ ہستی سے مٹ جاتے ہیں، کچے کے مکانات ریت کے ڈھیروں میں بدل جاتے ہیں اور لوگ یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ وہ کہاں جائیں، کس سے فریاد کریں۔ مقامی انتظامیہ نے کچھ اقدامات کیے ہیں مگر اس پیمانے کی آفت کے لیے تیاری کسی بھی ضلع میں نہیں تھی۔

بہاولپور اور رحیم یار خان کا معاملہ اور بھی کٹھن ہے۔ یہاں نہ صرف دریائے ستلج کا دباؤ ہے بلکہ دریائے سندھ کا پانی بھی دوسری طرف سے بڑھ رہا ہے۔ احمد پور شرقیہ، صادق آباد اور خانپور کے علاقے اس وقت مکمل طور پر متاثر ہیں۔ ہزاروں لوگ بے گھر ہو چکے ہیں، فصلیں برباد ہو گئی ہیں، اور ریلیف کیمپوں میں لوگوں کا ہجوم لگ گیا ہے۔ لیکن کیمپوں میں سہولتیں نہیں ہیں۔ نہ پانی ہے، نہ دوائیاں ہیں، نہ خوراک ہے، نہ ہی کوئی منظم نظام۔ لوگ قطاروں میں کھڑے ہیں، مائیں بچوں کو دودھ کے لیے رلا رہی ہیں، اور بوڑھے بزرگ دعائیں مانگ رہے ہیں کہ یا اللہ ہمیں اس عذاب سے نکال۔

وہاڑی، خانیوال اور لودھراں جیسے اضلاع جو پاکستان کی معیشت میں کپاس اور گنے کی بدولت اہم کردار ادا کرتے ہیں، آج پانی کے ریلوں میں کھڑے ہیں۔ کسانوں نے اس سال کپاس سے بہت امیدیں لگائی تھیں لیکن وہ کھیت آج تالاب بن چکے ہیں۔ گوداموں میں رکھا بیج بھیگ گیا ہے، فصلیں تباہ ہو گئی ہیں اور کسان شدید مالی بحران میں ہیں۔ کسانوں کے چہروں پر وہی سوال ہے کہ حکومت ہمیں کب یاد کرے گی؟ ۔ہمارے نقصان کا ازالہ کون کرے گا؟۔ ہمارے بچوں کا رزق کہاں سے آئے گا؟۔ یہ منظر صرف قدرتی آفت نہیں بلکہ ہماری اپنی کوتاہیوں کا نتیجہ بھی ہے۔ ہم نے ڈیم نہیں بنائے، ہم نے دریاؤں کے راستوں کو منظم نہیں کیا، ہم نے جدید فلڈ مینجمنٹ سسٹم نہیں بنایا۔ بھارت جب چاہے پانی چھوڑ دیتا ہے اور ہم تماشائی بن جاتے ہیں۔ عوام کو بروقت اطلاع نہیں ملتی، انخلا کے راستے نہیں بنائے جاتے، اور جب پانی آتا ہے تو سب کچھ بہا کر لے جاتا ہے۔

جنوبی پنجاب کے لوگ اس وقت صرف مدد چاہتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہو۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے نقصان کا ازالہ ہو۔ وہ چاہتے ہیں کہ انہیں محفوظ مقامات پر پہنچایا جائے۔ وہ چاہتے ہیں کہ انہیں دوائیاں، پانی اور خوراک ملے۔ مگر حکومت کی رفتار ہمیشہ سست رہتی ہے، فیصلے دیر سے ہوتے ہیں، امداد وقت پر نہیں پہنچتی اور لوگ مزید تباہی کا شکار ہوتے ہی ایک وارننگ ہے اور ایک مراسلہ ہے۔ عوام کے لیے وارننگ کہ وہ اپنی حفاظت کو ترجیح دیں، کچے کے علاقوں سے فوری نکلیں، اپنے اہل خانہ کو محفوظ مقامات پر لے جائیں اور انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔ حکومت کے لیے مراسلہ کہ وقت بہت قیمتی ہے، ہر لمحہ ہزاروں جانوں کا فیصلہ کر رہا ہے۔ اگر آج اقدامات نہ کیے گئے تو کل صرف پچھتاوا رہ جائے گا۔ یہ سیلابی ریلے صرف پانی نہیں ہیں بلکہ یہ ایک امتحان ہیں، یہ ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ ہم نے اگر اب بھی اپنی پالیسی نہ بدلی، ڈیم نہ بنائے، جدید نظام نہ اپنایا اور عوام کی زندگی کو مقدم نہ سمجھا تو ہر سال یہ منظر اور زیادہ ہولناک شکل میں ہمارے سامنے ہوگا۔

(بشکریہ نوائے وقت)

یومِ دفاعِ پاکستان اور ماہِ ربیع الاول مبارک

6 ستمبر ہمیں اپنے وطن کی حفاظت اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، جب ہمارے غیور سپاہیوں نے مادرِ وطن کا دفاع کیا۔

اسی طرح ربیع الاول کا مہینہ ہمیں تاجدارِ کائنات ﷺ کی سیرتِ طیبہ پر چلنے کا درس دیتا ہے۔

آئیں! ہم سب مل کر شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کریں اور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔

انجینئر عدنان یوسف

ایس ڈی او نیلور ڈویژن، آئیسکو

ISLAMABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا

یومِ دفاع و شہداء

6 ستمبر 2025 پر پیغام

حکومت پاکستان — GOVERNMENT OF PAKISTAN

6 ستمبر ہماری قومی تاریخ میں بہادری، اتحاد اور عزم کے دن کے طور پر نقش ہے۔ ساٹھ سال قبل ہماری بہادر مسلح افواج نے عوام کے بھرپور تعاون سے دشمن کی جارحیت کو ناکام بناتے ہوئے ثابت کیا کہ پاکستان ایک بہادر قوم ہے جو اپنی خود مختاری اور سلامتی کے تحفظ کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ 1965 کا وہ ناقابل تسخیر جذبہ آج بھی زندہ ہے جیسا کہ حالیہ معرکہ حق میں ایک بار پھر ہماری مسلح افواج اور عوام بیرونی جارحیت کے خلاف آہنی دیوار کی طرح ایک ساتھ کھڑے رہے۔

ہماری فوج، بحریہ اور فضائیہ نے بے مثال پیشہ ورانہ مہارت، جدید جنگی مہارتوں اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف آرمی اسٹاف کے تزویراتی وژن کے ذریعے دشمن کے تکبر کو اپنی پرعزم قوت سے کچلتے ہوئے نئی تاریخ رقم کی۔

آج کے دن ہم اپنے بہادر شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنے غازیوں کو، جن کی جرات آئندہ نسلوں کیلئے ایک مثال ہے۔

پاکستان دنیا کے ساتھ پرامن بقائے باہمی اور تعمیری روابط کی پالیسی پر کاربند ہے۔ اس کے باوجود ہم مسلسل بھارتی اشتعال انگیزیوں اور بدلتے ہوئے علاقائی تناظر کی حقیقت سے غافل نہیں رہ سکتے۔ ہم اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط اور جدید بنانے کے ساتھ ساتھ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی اور اپنی سرحدوں میں سرگرم غیر ملکی پراکسیوں کے دوہرے خطرے کا مقابلہ کرتے رہیں گے۔

ہماری بہادر مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اپنی استقامت اور قربانیوں سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی عفریت کو ختم کرنے میں بے پناہ پیش رفت کی ہے۔ اس مشن کی تکمیل تک قوم ان کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔

آج کے دن، ہم ہندوستان کے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر (IIOJK) کے مظلوم لوگوں کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں، جنہوں نے کئی دہائیوں کی وحشیانہ ریاستی دہشت گردی کو برداشت کیا ہے۔ ان کی جدوجہد آزادی کو طاقت سے دبایا نہیں جاسکتا۔ ہم فلسطین میں جاری مظالم کی بھی شدید مذمت کرتے ہیں اور عالمی برادری پر زور دیتے ہیں کہ وہ اسرائیلی جارحیت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، شہریوں کے تحفظ اور غزہ کے لوگوں کو ضروری انسانی امداد کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے۔

قومی دفاع معاشی استحکام کے بغیر ممکن نہیں۔ ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر اور اجتماعی بھلائی کے لیے کام کرنے سے ہی ہم پائیدار خوشحالی اور خود انحصاری حاصل کر سکتے ہیں۔

آیئے، اس یوم دفاع و شہدا پر قائداعظم کے ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط کے لازوال اصولوں کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کریں اور ایک محفوظ، متحد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے مل کر محنت کرنے کا اعادہ کریں۔

پاکستان مسلح افواج زندہ باد۔۔۔۔۔۔ پاکستان پائندہ آباد

SPORTS سپورٹس

الجزائر کی باکسر نے جینڈر ٹیسٹ کے فیصلے کیخلاف اپیل کر دی

باکسر نے اپیل میں بنا جینڈر ٹیسٹ بطور خاتون باکسر شرکت کی اجازت کی استدعا کی ہے

ہیگ (این این آئی) الجزائر کی باکسر ایمان خلیف نے لازمی جینڈر ٹیسٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل کر دی۔ کھیلوں کی عالمی ثالث عدالت نے ایمان خلیف کے جانب سے اپیل موصول ہونے کی تصدیق کی ہے۔ الجزائر کی باکسر نے ورلڈ باکسنگ کی جانب سے جینڈر ٹیسٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل کی ہے۔ ورلڈ باکسنگ نے ایمان خلیف کی انٹرنیشنل مقابلوں میں بطور خاتون شرکت جینڈر ٹیسٹ سے مشروط کی ہے۔ باکسر نے اپیل میں بنا جینڈر ٹیسٹ بطور خاتون باکسر شرکت کی اجازت کی استدعا کی ہے۔ عالمی ثالث عدالت نے اپیل پر فیصلے تک ورلڈ باکسنگ کے اعلان پر عمل درآمد روکنے کی استدعا کو مسترد کیا ہے۔ معاملے پر دونوں فریقین کے تحریری بیانات کے بعد باضابطہ سماعت کا آغاز کیا جائے گا۔

کوہلی کا ون ڈے کیریئر ختم ہو گیا' عرفان پٹھان کا دعویٰ

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر عرفان پٹھان نے دعویٰ کیا ہے کہ ویرات کوہلی کا ون ڈے انٹرنیشنل کیریئر ختم ہو گیا ہے۔ سابق کرکٹر عرفان پٹھان نے دعویٰ کیا ہے کہ اب ویرات کوہلی صرف انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) پر توجہ مرکوز کریں گے کیونکہ ان کا ون ڈے کیریئر ختم ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ کوہلی اب بھی فرسٹ کلاس کرکٹ میں حصہ لے سکتے ہیں لیکن یہ بین الاقوامی سطح پر خود کو ثابت کرنے کے پلیٹ فارم کے بجائے لطف اندوز ہونے کے لیے ہو گا۔ سابق کرکٹر نے اس بات پر زور دیا کہ فٹنس برقرار رکھنا اور کھیل کا باقاعدہ وقت ان کھلاڑیوں کے لیے ایک اہم چیلنج ہے جو قومی سیٹ اپ میں سرگرم نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ 2027 کوئی چیلنج نہیں ہو گا اگر کھیل کے وقت کا تسلسل برقرار رکھا جائے، بقسمتی سے ان پر دباؤ رہے گا، میں نے روہت شرما سے بات کی ہے اور وہ فٹنس کے بارے میں بہت دلچسپی رکھتے ہیں۔ پٹھان نے مزید کہا کہ ویرات مجھے یقین ہے کہ وہ انگلینڈ میں جس طرح سے پریکٹس کر رہے ہیں، اس کی بنیاد پر بھی بہت پرجوش ہیں۔ میں نے محمد شامی کے بیانات بھی دیکھے ہیں جو اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ وہ بھی انتہائی پرعزم ہیں۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر اور چیف سلیکٹر اجیت اگرکر کوہلی اور روہت جیسے سینئر کھلاڑیوں کی ضروریات سے آگاہ ہیں۔

سی پی ایل' پولارڈ کی دھواں دار بیٹنگ، 8 گیندوں پر 7 چھکے جڑ دیے

انہوں نے 29 گیندوں پر 65 رنز بنائے جس میں 8 چھکے اور 2 چوکے شامل تھے

پورٹ آف سپین (این این آئی) کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) 2025 میں ویسٹ انڈیز کے سابق آل راؤنڈر کیرون پولارڈ نے دھواں دار بیٹنگ کرتے ہوئے بولرز کا بھرکس نکال دیا۔ کیریبین پریمیئر لیگ میں ٹرنباگو نائٹ رائیڈرز اور کٹس اینڈ نیوس پیٹریوٹس کے درمیان میچ تھا، پیٹریوٹس کی دعوت پر نائٹ رائیڈرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 179 رنز بنائے۔ نائٹ رائیڈرز کی جانب سے کیرون پولارڈ نے برق رفتار اننگز کھیلی، انہوں نے 29 گیندوں پر 65 رنز بنائے جس میں 8 چھکے اور 2 چوکے شامل تھے، پولارڈ کی اننگز کی خاص بات یہ تھی کہ انہوں نے اننگز کے دوران ایک موقع پر 8 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 7 چھکے لگائے۔ 38 سالہ پولارڈ نے نائٹ رائیڈرز کی اننگز کے 15 ویں اوور کی آخری 4 گیندوں پر 3 چھکے مارے جبکہ اگلے اوور کی آخری 4 گیندوں پر بھی 4 چھکے جڑ دیے۔ 180 رنز کے ہدف کے جواب میں پیٹریوٹس کی ٹیم مقررہ اوورز میں 6 وکٹوں پر 167 رنز بنا سکی اور یوں نائٹ رائیڈرز نے میچ 12 رنز سے جیت لیا، شاندار اننگز کھیلنے پر پولارڈ کو میچ کے بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ دیا گیا۔

پاکستان کی تیز ترین اتھلیٹ تامین خان ورلڈ اتھلیٹکس چیمپئن شپ سے دستبردار

لاہور (این این آئی) پاکستان کی تیز ترین خاتون ایتھلیٹ تامین خان ورلڈ اتھلیٹکس چیمپئن شپ سے دستبردار ہو گئی۔ تامین خان انجری کی وجہ سے ٹوکیو میں ہونے والے ایونٹ میں حصہ نہیں لے پائیں گی، تامین کو رواں ماہ ٹوکیو میں ہونے والے ایونٹ میں 100 میٹر کی دوڑ میں حصہ لینا تھا۔ اتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان نے خصوصی طور پر تامین کیلئے ورلڈ چیمپئن شپ کی اینٹری حاصل کی تھی۔ پاکستانی ایتھلیٹ کو تین روز قبل ٹریننگ کے دوران انجری ہوئی تھی، ایم آر آئی رپورٹس کی روشنی میں ڈاکٹرز نے تامین کو مزید دو ہفتے آرام کا مشورہ دیا۔ ورلڈ اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں پاکستان کی واحد نمائندگی اب جیولن تھرو وار ارشد ندیم کریں گے۔

راشد خان ٹی 20 میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر بن گئے

دبئی (این این آئی) افغانستان ٹیم کے کپتان اور اسپنر بولر راشد خان ٹی 20 کرکٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر بن گئے ہیں۔ سہ ملکی سیریز کے تیسرے میچ میں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے خلاف راشد خان نے 21 رنز کے عوض 3 وکٹیں لیں اور عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ 26 سالہ راشد خان ٹی 20 کرکٹ میں 165 وکٹیں لینے والے پہلے بولر بن گئے ہیں، انہوں نے اسی میچ کے دوران پہلے ٹم ساؤتھی کا ریکارڈ برابر کیا اور پھر ان پر سبقت لے گئے۔ نیوزی لینڈ کے 36 سالہ بولر ٹم ساؤتھی نے 164 وکٹیں 126 میچز میں حاصل کی تھیں جبکہ راشد خان نے یہ کارنامہ صرف 98 میچز میں اپنے نام کیا ہے۔

پاکستان سپورٹس بورڈ نے ٹیبل ٹینس باؤلنگ فیڈریشن کو ورلڈ کپ میں شرکت کے فنڈز نہ دینے کی جھنڈی کروا دی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان سپورٹس بورڈ نے ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کو ورلڈ کپ میں شرکت کے فنڈز نہ دینے کی جھنڈی کروا دی۔ ٹین پن باؤلنگ کے کھلاڑیوں اور شائقین کھیل کی کثیر تعداد نے وزیراعظم شہباز شریف سے قومی ٹیم کو ورلڈ ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ میں بھجوانے کی اپیل۔ ذمہ دار ذرائع کے مطابق پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن نے پاکستان سپورٹس بورڈ سے درخواست کی تھی کہ چار رکنی قومی ٹین پن باؤلنگ ٹیم کو سینئر ورلڈ ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے کے لئے فنڈز جاری کئے جائیں لیکن پاکستان سپورٹس بورڈ نے ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کو فنڈز دینے کی بجائے ورلڈ کپ میں شرکت کے فنڈز نہ دینے کی جھنڈی کروا دی ہے۔ جس پر پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمن سے جب اس سلسلہ میں رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بھی اس بات کی تصدیق کر دی ہے کہ پاکستان سپورٹس بورڈ نے ورلڈ ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے فنڈز نہ دینے کے بارے میں فیڈریشن کو آگاہ کر دیا ہے۔

یو اے ای کے کپتان محمد وسیم نے روہت شرما کا اہم ریکارڈ توڑ دیا

ٹی 20 انٹرنیشنلز میں کپتان کی حیثیت سے سب سے زیادہ چھکے مارنے کا اعزاز حاصل کر لیا

شارجہ (این این آئی) متحدہ عرب امارات کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد وسیم نے بھارتی ٹی 20 ٹیم کے سابق کپتان روہت شرما کا اہم ریکارڈ توڑ دیا۔ محمد وسیم نے شارجہ کرکٹ سٹیڈیم میں افغانستان کے خلاف سہ ملکی سیریز کے میچ کے دوران بھارت کے روہت شرما کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ٹی 20 انٹرنیشنلز میں کپتان کی حیثیت سے سب سے زیادہ چھکے مارنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ وسیم نے افغانستان کے 189 رنز کے ہدف کے جواب میں شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 37 گیندوں پر 67 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی جس میں 6 بلند و بالا چھکے اور 4 چوکے شامل تھے۔ یو اے ای کے کپتان نے محض 54 ٹی 20 انٹرنیشنل اننگز میں 110 چھکے مارے ہیں جبکہ روہت شرما نے بحیثیت کپتان 62 اننگز میں 105 چھکے مارے تھے۔ محمد وسیم نے اپنی دھواں دھار بیٹنگ کے ساتھ نیوزی لینڈ کے سابق اوپنر مارٹن گپٹل کو بھی پیچھے چھوڑ دیا اور ٹی 20 انٹرنیشنلز میں سب سے زیادہ چھکے مارنے والے بیٹرز کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آ گئے ہیں۔ ٹی 20 انٹرنیشنلز میں سب سے زیادہ چھکے مارنے کا ریکارڈ اب بھی روہت شرما کے پاس ہے جنہوں نے 159 میچز میں 205 چھکے مارے۔

حنیف محمد گریڈ ٹو ٹرافی پہلا راؤنڈ آخری اور چوتھے دن بھی بیٹرز چھائے رہے

پہلے راؤنڈ میں لاڑکانہ نے ڈیرہ مراد جمالی کو 274 رنز سے شکست دے دی

لاڑکانہ (این این آئی) حنیف محمد گریڈ ٹو ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں لاڑکانہ نے ڈیرہ مراد جمالی کو 274 رنز سے شکست دے دی، دیگر 5 میچوں کا فیصلہ نہ ہو سکا، آخری اور چوتھے دن بھی بیٹرز چھائے رہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹورنامنٹ کے پول بی میں یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس پر ڈیرہ مراد جمالی ریجن کی ٹیم 476 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 201 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔ داؤد خان نے 43 اور فہد حسین نے 38 رنز کے ساتھ مزاحمت کی۔ زاہد محمود نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 5 کھلاڑیوں کو میدان بدر کر کے میچ میں 9 وکٹیں اپنے نام کیں، شاہنواز دھانی اور مشتاق احمد کلہوڑو نے 2، 2 کھلاڑیوں کو چلتا کیا۔ پول بی میں اسٹیٹ بینک اسپورٹس کمپلیکس پر کراچی بلوز نے نو وکٹوں پر 397 رنز کے ساتھ پہلی اننگز دوبارہ شروع کی اور 454 رنز کے جواب میں اپنی پہلی باری میں 418 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ حسن حفیظ نے 6 وکٹیں حاصل کیں، ملتان نے دوسری باری میں 3 وکٹوں پر 265 رنز بنائے، عمران رفیق 101 اور شیرون اسحاق 100 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔ زین عباس نے 51 رنز بنائے، محمد عمر اور عارف یعقوب نے 1، 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ پول اے میں عباسیہ اسپورٹس کمپلیکس، رحیم یار خان پر کراچی وائٹس نے حیدرآباد کے 397 رنز کے جواب میں اپنی پہلی اننگز میں 666 رنز بنائے، محمد عثمان نے ناقابل شکست ڈبل سنچری جڑتے ہوئے 27 چوکوں اور 5 چھکوں کی مدد سے 245 رنز بنائے۔

میکسیکو: دو مقامی ٹیموں کے درمیان فٹبال میچ میں کھلاڑی گول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

سہ ملکی سیریز: شائقین کرکٹ کیلئے نیا پروٹوکول جاری کر دیا گیا

شارجہ (این این آئی) شارجہ میں ہونے والی سہ ملکی سیریز میں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) حکام نے شائقین کے لیے نیا پروٹوکول جاری کر دیا۔ حکام کے مطابق سہ ملکی سیریز کے میچز دیکھنے کے لئے آنے والے شائقین صرف اپنی ٹیم کی حمایت کریں، مخالف ٹیم کے خلاف نعرے بازی یا اشاروں سے گریز کریں۔ حکام نے شائقین کے لیے نیا پروٹوکول جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ شائقین اپنی نشستوں پر رہیں، دوسرے اسٹینڈ میں ہرگز نہ جائیں، مخالف ٹیم کے شائقین کے قریب جا کر نعرے یا نامناسب اشارے کرنے سے بھی گریز کریں۔ حکام کا مزید کہنا تھا کہ کھیل کے دوران بھاگ دوڑ اور بے نظمی سے بچیں، اماراتی قوانین کا احترام کریں اور کھیل کی روح برقرار رکھیں۔

شہید محمد امین خان لالہ فٹ بال ٹورنامنٹ 5 ستمبر سے سوات میں شروع ہو گا

سوات (یو این پی) انتظار فٹ بال کلب، سوات کے زیر اہتمام شہید محمد امین خان لالہ فٹ بال ٹورنامنٹ 5 ستمبر سے بلوگرام گراؤنڈ، سوات سے شروع ہو گا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ ینگ ایس ایس الیون اور عوامی ڈھیری کی ٹیمیں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز ٹورنامنٹ چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی امجد خان نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ٹورنامنٹ میں سوات کی مختلف 60 ٹیمیں حصہ لیں گی اور ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان 3 ستمبر کو کیا جائے گا۔ شہید محمد امین خان لالہ ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن سوات سیاب خان کے بھائی اور سوات یوتھ فٹ بال اکیڈمی کے بانی ہیڈ کوچ محمد ایاز خان کے والد محترم تھے۔ واضح رہے کہ شہید محمد امین خان لالہ چند برس قبل 18 اکتوبر 2023 کو سوات میں دو فریقین کے درمیان جھگڑے پر صلح کرواتے ہوئے ایک فریقین کی فائرنگ سے شہید ہو گئے تھے۔

1999 ورلڈ کپ فائنل میں ٹاس جیت کر کیا کرنا تھا؟ وسیم اکرم نے بتا دیا

وہ یکطرفہ میچ تھا اگر سنسنی خیز میچ ہوتا اور ہم قریب جا کر ہارتے تو اتنا افسوس نہ ہوتا' گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق کپتان اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے 1999 ورلڈ کپ فائنل میں پہلے بیٹنگ کرنے کی وجہ بتا دی۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے مزاحیہ شو میں شرکت کی اور اپنے بچپن اور کرکٹ کیریئر سے متعلق اظہار خیال کیا۔ وسیم اکرم کا کہنا تھا کہ ہمارے دور میں ٹیم کی طاقت ہماری بولنگ تھی، ورلڈ کپ میں بھی ہماری طاقت ہماری بولنگ تھی، میں خود اور وقار یونس، شعیب اختر، ثقلین مشتاق اور اظہر اور عبدالرزاق جیسے آل راؤنڈر تھے، ہمارے پاس بولنگ میں بہت آپشن تھے۔ انہوں نے کہا کہ 99 ورلڈ کپ کے راؤنڈ میچز میں ہم ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کر رہے تھے اور تمام میچز جیت بھی کر رہے تھے تو فائنل میں بھی یہی فیصلہ تھا کہ پہلے بیٹنگ ہی کریں گے اور 200 رنز بھی کر لیے تو آسٹریلیا کو قابو کر لیں گے۔ سابق کپتان نے بتایا کہ جو لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ اچانک بیٹنگ کا فیصلہ کیا جبکہ فیلڈنگ کرنا تھی انہیں اب 25 سال بعد یاد آیا ہے۔ وسیم اکرم کا مزید کہنا تھا کہ وہ میچ میرے لیے سب سے بری یاد ہے، کیونکہ وہ یکطرفہ میچ تھا اگر سنسنی خیز میچ ہوتا اور ہم قریب جا کر ہارتے تو اتنا افسوس نہیں ہوتا لیکن ایسا نہیں ہو سکا۔ خیال رہے کہ 1999 کے ورلڈ کپ فائنل میں پاکستان کی پوری ٹیم آسٹریلیا کے خلاف 132 رنز پر ڈھیر ہو گئی تھی جو کہ ورلڈ کپ فائنل میں کسی بھی ٹیم کا سب سے کم اسکور ہے۔ آسٹریلیا نے 133 رنز کا ہدف 21 ویں اوور میں 2 وکٹ کے نقصان پر پورا کر لیا تھا۔

مچل اسٹارک کا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

ٹیسٹ کرکٹ میری ہمیشہ سب سے زیادہ ترجیح رہی ہے، بیان

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق مچل اسٹارک نے ٹیسٹ اور ون ڈے پر فوکس کے لیے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کیا ہے۔ مچل اسٹارک نے 65 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 79 وکٹیں حاصل کیں۔ اپنے بیان میں مچل اسٹارک نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹ میری ہمیشہ سب سے زیادہ ترجیح رہی ہے، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ایک ایک لمحہ سے لطف اندوز ہوا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا ٹیسٹ ٹور، ایشیز اور ون ڈے ورلڈ کپ 2027 میں تازہ دم اور فٹ رہ کر بہترین پرفارمنس کا منتظر ہوں۔ کرکٹ آسٹریلیا نے مچل اسٹارک کی غیر موجودگی میں نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ پیٹ کمنز مینجمنٹ پلان کے تحت سیریز کا حصہ نہیں ہیں۔ کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ پیٹ کمنز کو کمر کے نچلے حصے میں تکلیف ہے جس کی تشخیص جاری ہے، پیٹ کمنز کو بھارت کے خلاف محدود اوورز کی سیریز میں بھی زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مچل مارش ٹیم کی قیادت کریں گے۔ دورہ نیوزی لینڈ میں آسٹریلیا کی ٹیم تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیلے گی، ٹی ٹوئنٹی میچز یکم، 3 اور 4 اکتوبر کو کھیلے جائیں گے۔

شاہد آفریدی کا افغانستان میں زلزلے سے تباہی پر دکھ کا اظہار

شاہد خان آفریدی نے اپنے خیالات کا اظہار سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کیا

لاہور (یو این پی) سابق قومی کپتان اور اپنے دور کے عظیم آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے افغانستان میں زلزلے سے ہونے والی ہولناک تباہی پر اپنے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں شاہد خان آفریدی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں آنے والے زلزلے پر دل بہت غمگین ہے اور اس کے نتیجے میں ہونے والی جانی و مالی نقصان پر انتہائی افسوس ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم اپنے افغان بھائیوں کے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام متاثرہ خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے اور بحالی کے لیے آسانیاں پیدا کرے۔

SHOWBIZ شوبز

مشہور انفلوئنسر شوہر اور بچوں سمیت قتل، لاشیں گاڑی سے برآمد

ابھی یہ واضح نہیں کہ یہ قتل ذاتی دشمنی، جرائم پیشہ گروہوں یا کسی اور وجہ سے ہوا ہے

میکسیکو سٹی (این این آئی) مشہور میکسیکن ٹک ٹاک انفلوئنسر ایسمیر الڈا فیر گاریے، ان کے شوہر اور 2 بچوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ پلاسٹک میں لپٹی چاروں افراد کی لاشیں گواڈالاہارا کے علاقے سان آندریس میں ایک گاڑی سے برآمد ہوئیں۔ پراسیکیوٹر الفونسو گٹیریس سنتیان نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ لاشوں کی شناخت 32 سالہ ایسمیر الڈا، ان کے 36 سالہ شوہر روبرتو کارلوس گل لیسیا، 13 سالہ بیٹے گیل سانتیا گو اور 7 سالہ بیٹی ریجینا کے طور پر کی گئی۔ مقامی میڈیا کے مطابق پولیس نے قریبی مکینک شاپ کے 3 ملازمین کو شک کی بنیاد پر حراست میں لیا، لیکن ثبوت نہ ملنے پر انہیں جلد رہا کر دیا گیا۔ حیران کن طور پر یہ افراد پراسیکیوٹر آفس سے باہر نکلنے کے چند ہی منٹ بعد نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا کر لیے گئے۔ مزید تحقیقات کے دوران پولیس کو قریبی آٹو ریپیئر شاپ سے خون کے دھبے، گولیوں کے خول اور دیگر شواہد ملے ہیں، حکام کا کہنا ہے کہ غالب امکان ہے کہ خاندان کو وہیں قتل کر کے لاشیں دوسری جگہ منتقل کی گئیں۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق ایسمیر الڈا کے شوہر کو اصل ہدف سمجھا

ٹک ٹاکر سامعہ حجاب کو ہراساں کرنے والا شخص گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے ٹک ٹاکر سامعہ حجاب کو ہراساں کرنے، قتل اور اغوا کی دھمکیاں دینے کے الزام میں حسن زاہد نامی شخص کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق کارروائی سامعہ حجاب کی شکایت اور ویڈیو بیان موصول ہونے کے بعد کی گئی۔ اس سلسلے میں تھانہ شالیمار میں مقدمہ درج کیا گیا ہے جس میں پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 354 (خواتین کی عزت مجروح کرنے کی نیت سے حملہ یا زبردستی)، 365 (اغوا)، 392 (ڈکیتی کی سزا)، 500 (ہتک عزت کی سزا)، 509 (خواتین کو ہراساں کرنے) اور 511 (ناکام مجرمانہ کوشش) شامل کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملزم کئی روز سے سامعہ حجاب کا پیچھا کر رہا تھا اور اسے بار بار تحائف دے کر دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتا رہا۔ سامعہ نے بتایا کہ ملزم نے مجھے شادی کی پیشکش کی تھی، انکار پر وہ ہراساں کرتا رہا اور میرے گھر تک پہنچ گیا، حسن زاہد نے واضح دھمکی دی تھی کہ اگر میں نے شادی سے انکار کیا تو وہ مجھے قتل کر دے گا۔

دنانیر مبین کی نئی ویڈیو؛ سوشل میڈیا صارفین برہم

کراچی (شوبز ڈیسک) ''ہماری پارٹی ہو رہی ہے'' سے شہرت کی بلندیوں پر پہنچنے والی سوشل میڈیا اسٹار اور اداکارہ دنانیر مبین ایک بار پھر سوشل میڈیا پر زیر بحث ہیں۔ دنانیر نے انسٹاگرام پر اپنی نئی ٹرانسفارمیشن ویڈیو شیئر کی، جس میں وہ پہلے بغیر میک اپ اور پھر مکمل گلیمرس انداز میں نظر آئیں۔ ویڈیو میں انہوں نے مذاقاً کہا کہ ''پٹھان خون ہے، ہڈیاں اور پلیٹیں دونوں توڑ سکتی ہوں''۔ مگر مداحوں کی رائے اس بارے میں کچھ اور رہی۔ کئی صارفین نے انہیں ہانیہ عامر سے مشابہ قرار دیا جبکہ کچھ کا کہنا تھا کہ ''اتنی بڑی ایکٹریس ہو کر یہ کیوں کر رہی ہیں؟''۔

ہم تمام مذاہب کا احترام کرتے ہیں، سلیم خان

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے والد سلیم خان نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے خاندان نے کبھی گائے کا گوشت نہیں کھایا۔ ماضی کے مشہور اداکار، فلم پروڈیوسر اور اسکرین رائٹر سلیم خان نے ایک حالیہ گفتگو میں کہا کہ ہم تمام مذاہب کا احترام کرتے ہیں۔ اپنے خاندان کے کبھی بھی بیف نہ کھانے کی وجہ بتاتے ہوئے سلیم خان نے کہا کہ ان کے خاندان میں ہمیشہ سے یہ روایت ہے کوئی بھی گائے کا گوشت نہیں کھاتا اور ہندو تہوار بھی جوش و جذبے کیساتھ منائے جاتے ہیں جبکہ مسلم تہوار بھی منائے جاتے ہیں۔ سلیم خان نے بتایا کہ جب وہ اندور میں پیدا ہوئے اس زمانے سے آج تک پورے خاندان نے مسلمان ہونے کے باوجود کبھی بھی بیف نہیں کھایا کیونکہ وہ اور ان کا خاندان ہر مذہب کا احترام کرتے ہیں۔

سائرہ یوسف اور عدیل حسین کے درمیان قربت کی خبریں گردش کرنے لگیں

اداکارہ و ماڈل سائرہ یوسف اور اداکار عدیل حسین کے درمیان قربتوں سے متعلق خبریں گردش کرنے لگیں۔ یہ خبریں عدیل حسین کی جانب سے پوسٹ کی گئی ایک تصویر اور مبہم کیپشن کے بعد وائرل ہوئیں جس میں اداکار عدیل حسین کیساتھ ان کی بھتیجی اور سائرہ یوسف موجود تھیں۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اس تصویر میں عدیل حسین اور سائرہ یوسف کو خوشگوار موڈ میں دیکھا جا سکتا ہے جبکہ عدیل کی جانب سے دیئے گئے کیپشن نے ان کے تعلقات کی افواہوں کو جنم دے دیا ہے۔ کیپشن میں لکھا تھا کہ 'آپ کو اپنی زندگی کہنے پر خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں'۔ اس ذومعنی کیپشن کی وجہ سے سائرہ یوسف اور عدیل حسین کے درمیان قربت کی افواہیں گرم ہو گئی ہیں۔ جبکہ دونوں فنکاروں کے مداح بھی اس ممکنہ تعلق پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ ماڈل سائرہ یوسف ساتھی فنکار شہروز سبزواری کی سابقہ اہلیہ ہیں ان دونوں کی ایک بیٹی بھی ہے جس کی وہ مشترکہ طور پر پرورش کر رہے ہیں۔ یہ خبریں عدیل حسین کی جانب سے پوسٹ کی گئی ایک تصویر اور مبہم کیپشن کے بعد وائرل ہوئیں جس میں اداکار عدیل حسین کیساتھ ان کی بھتیجی اور سائرہ یوسف موجود تھیں۔

انڈسٹری میں جنس کی بنیاد پر تعصب موجود ہے، بھارتی اداکارہ

بالی ووڈ میں صنفی امتیاز، مرد اداکاروں کو اچھی کاریں اور کمرے ملتے ہیں، کیرتی سین

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی پرکشش اداکارہ کیرتی سین کا کہنا ہے کہ انڈسٹری میں جنس کی بنیاد پر تعصب موجود ہے، ان کے مطابق مرد اداکاروں کو اکثر اچھی کاریں اور کمرے ملتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے بہبود آبادی کی سفیر کے طور پر انھوں نے خواتین کے ساتھ مساوی سلوک پر زور دیا۔ دلی سے تعلق رکھنے والی 35 سالہ اداکارہ نے اپنے فنی سفر میں اس وقت ایک اور سنگ میل عبور کیا جب انھیں بھارت میں یو این پاپولیشن فنڈ کا باقاعدہ طور پر اعزازی سفیر برائے صنفی مساوات مقرر کیا گیا۔ اس حوالے سے منعقدہ تقریب کے موقع پر کیرتی سین نے ان ناانصافیوں کا ذکر کیا جو انھوں نے بچپن میں اپنے اردگرد دیکھیں۔ انھوں نے ان پوشیدہ تعصبات اور عدم مساوات پر روشنی ڈالی جن کا وہ آج بھی فلمی صنعت میں سامنا کرتی ہیں۔

تھیٹر میں اداکارہ کیساتھ افسوسناک واقعہ، مقدمہ درج کر لیا گیا

لاہور (شوبز ڈیسک) لاہور میں اسٹیج اداکارہ اقراء پر تشدد کرنے اور فائرنگ کر کے دھمکانے والے شخص کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اسٹیج آرٹسٹ اقراء کی مدعیت میں ملزم محسن کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ملزم نے تھیٹر میں داخل ہو کر اداکارہ کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے فائرنگ کر کے انہیں دھمکیاں بھی دی تھیں۔ یہ واقعہ تھانہ باغبانپورہ کی حدود میں پنجابی تھیٹر میں پیش آیا۔ اداکارہ کی جانب سے درج کروائی گئی ایف آئی آر کے مطابق ملزم نے تھیٹر کے دوران چہرے پر تھپڑ مارے۔ شور کرنے پر ملزم نے پستول نکال کر زمین پر فائر کیا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں۔ پولیس کے مطابق واقعے میں ملوث ملزم کی گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں اسے جلد گرفتار کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

سینئر اداکار ندیم بیگ نے پاکستان کے سینما کے زوال کی وجہ بتا دی

ہمارے پاس سہولیات، وسائل اور کام کے مواقع کی کمی ہے، اداکار

لاہور (یو این پی) پاکستان فلم و ڈرامہ انڈسٹری کے سینئر اداکار ندیم بیگ نے فلموں، ڈراموں اور سینما کے زوال کی وجہ بتا دی۔ ایک حالیہ گفتگو میں ندیم بیگ نے کہا کہ ہماری فلمیں ڈراموں کی طرح محسوس ہوتی ہیں اور ان کے مطابق اس کی وجہ یہ کہ تمام لیجنڈری فلم میکرز وفات پا چکے ہیں۔ سینئر اداکار کا کہنا تھا کہ اب جو لوگ فلمیں بنا رہے ہیں وہ ٹیلی ویژن سے آتے ہیں۔ کم از کم وہ فلمیں بنا رہے ہیں لیکن آپ سب جانتے ہیں کہ ہماری انڈسٹری کو کیا ہو گیا ہے۔ سینما گھر بند ہو گئے، اسٹوڈیو بند ہو گئے، فلمی ماحول ختم ہو گیا۔ ندیم بیگ نے مزید کہا کہ ہمارے پاس سہولیات، وسائل اور کام کے مواقع کی کمی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں اب بھی شکر گزار ہونا چاہئے کہ لوگ اپنی صلاحیت کے مطابق جو کچھ کر سکتے ہیں کر رہے ہیں۔ سینما انڈسٹری کے زوال پر اظہار خیال کرتے ہوئے ندیم بیگ کا کہنا تھا کہ زوال کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم تقسیم سے گزرے اور مشرقی پاکستان میں ایک بڑی مارکیٹ کھو بیٹھے، اس کے بعد اسٹوڈیوز ختم ہونے لگے، اس کے علاوہ پاکستان میں فلم اکیڈمیز نہیں ہیں اور ٹکٹ کی قیمتیں بھی بہت مہنگی ہو گئی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے اصل ناظرین نچلے متوسط طبقے کے لوگ تھے، جو اب مہنگائی کی وجہ سے سینما گھروں کا رُخ نہیں کر سکتے، ہمیں صرف اس ہی طبقے کیلئے سینما کے صحیح طریقے سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر یہ لڑکیاں اپنے ماں باپ کے گھر ہیں تو تمام بھابھیوں کو ان کی عزت کرنی چاہیے، اداکارہ نتاشا علی

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نتاشا علی نے ہمارے معاشرے کے اہم پہلو اور مسئلے پر روشنی ڈالی ہے۔ حال ہی میں مارننگ شو میں شرکت کے دوران نتاشا علی نے بھائی کی بیویوں کی جانب سے بیوہ، غیر شادی شدہ اور طلاق یافتہ نندوں کے ساتھ اختیار کیے جانے والے رویے پر بات کی۔ انہوں نے کہا اگر لڑکی غیر شادی شدہ ہے تو اس کا پورا حق ہے کہ وہ اپنے ماں باپ کے گھر رہے، اس پر تو کسی بھابھی کا بنتا ہی نہیں کہ وہ اسے بوجھ سمجھے یا اس سے اختلافات رکھے یا نفرت کرے۔ اداکارہ نے کہا اکثر بھابھیاں پنگے لینے کی کوشش کرتی ہیں جو نہیں کرنا چاہیے، اس کے علاوہ طلاق یافتہ یا بیوہ خواتین بھی ماں باپ کے پاس ہی آئیں گی نا، کہیں جا کر خود کو مار تو نہیں دیں گی، بہت سی لڑکیاں ہیں جو نوکری نہیں کر سکتیں تو وہ کہاں جائیں گی؟ نتاشا نے کہا اگر یہ لڑکیاں اپنے ماں باپ کے گھر ہیں تو تمام بھابھیوں کو ان کی عزت کرنی چاہیے۔

ڈوین جانسن دی راک کے نئے روپ نے سب کو حیران کر دیا

صارفین کی جانب سے دی راک کے نئے روپ کو کافی پسند کیا جا رہا ہے

نیویارک (این این آئی) ہالی ووڈ کے معروف اداکار و سابق ریسلر ڈوین جانسن دی راک کے نئے روپ نے سب کو حیران کر دیا، انہوں نے اپنا وزن کافی کم کر لیا ہے۔ ڈوین جانسن وینس فلم فیسٹیول میں سب کی توجہ کا مرکز بن گئے، جہاں ان کی نئی فلم ''دی اسمیشنگ مشین'' کا عالمی پریمیئر منعقد ہوا۔ سوشل میڈیا پر خاص طور پر ان کے وزن میں نمایاں کمی اور نئے دبلے پتلے روپ نے سب کو حیران کر دیا۔ سامنے آنے والی تصاویر میں جانسن نیلے بٹن اپ شرٹ اور بلیک پینٹ میں اپنی کو اسٹار ایمیلی بلنٹ کے ساتھ نظر آئے۔ صارفین کی جانب سے دی راک کے نئے روپ کو کافی پسند کیا جا رہا ہے اور سوشل میڈیا پر دلچسپ تبصروں کا سلسلہ جاری ہے، متعدد صارفین نے خدشہ ظاہر کیا کہ یہ تبدیلی صحت کے مسائل کے باعث ہوئی، تاہم کچھ نے کہا کہ یہ زیادہ صحت مند طرز زندگی اختیار کرنے کا نتیجہ ہے۔



Email- info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

مائیکروویو اوون... سہولت زحمت کب بن سکتی ہے

تقریباً 30 برس قبل کچن کی زینت بننے والی اس مشین کا استعمال آج معاشرے کے متوسط اور اعلیٰ طبقات کے تقریباً ہر گھر میں ہی کیا جارہا ہے

بلاشبہ عصر حاضر میں جدید ٹیکنالوجی کی بدولت انسانی زندگی سہل ہو گئی ہے، دنوں کا کام گھنٹوں اور گھنٹوں کا کام منٹوں تک محدود ہو گیا ہے، لیکن ان مشینوں نے جہاں انسان کے لئے بہت ساری آسانیاں پیدا کی ہیں وہیں پر ایک طرف انسان کو سہل پسند بنا دیا ہے تو دوسری طرف ان مشینوں کے مضر اثرات بھی انسان کو گھیرے میں لئے ہوئے ہیں، اور ان سے عدم آگاہی انہیں مزید مہلک بنا رہی ہے۔

انسانی ترقی کی بدولت ملنے والی آسانیوں میں سے ایک مائیکروویو اوون ہے۔ تقریباً 30 برس قبل کچن کی زینت بننے والی اس مشین کا استعمال آج معاشرے کے متوسط اور اعلیٰ طبقات کے تقریباً ہر گھر میں ہی کیا جارہا ہے۔ اکثر لوگ وقت اور انرجی بچانے کے لئے پورے ہفتے کا کھانا ایک ساتھ بنا کر فریز کر دیتے ہیں اور پھر مختلف مواقعوں پر نکال کر مائیکروویو اوون میں گرم کر لیتے ہیں۔

کھانے کو پکانے یا گرم کرنے کے لئے مائیکروویو اوون کے اندر ایک خاص قسم کی برقی مقناطیسی شعاعیں اس پر پڑتی ہیں، جس سے مطلوبہ مقصد پورا ہو جاتا ہے لیکن...... مائیکروویو اوون کے مضر اثرات پر آج نت نئی تحقیقات نے انسان کو پریشان کر دیا ہے۔

برقی مقناطیسی شعاعیں کھانوں کے غذائی اجزا اور فوڈ مالیکیولز کی بناوٹ کو بگاڑ دیتی ہیں، جس کا مطلب ہے کہ جو غذائیت سے بھری پلیٹ کے باوجود دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو تو چھوڑیں پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں بھی ایک اندازے کے مطابق 70 فی صد آبادی اپنی سہولت کے لئے مائیکروویو اوون کا استعمال کرتی ہے۔

امریکا جیسے ممالک میں تو یہ شرح 95 فی صد سے بھی زیادہ ہے۔ پھر آج مائیکروویو اوون کا استعمال صرف گھروں تک محدود نہیں رہا بلکہ یہ ہوٹلوں تک بھی پہنچ چکا ہے۔

یہاں ہم آپ کو چند ایسی اشیاء کے متعلق بتانے جا رہے ہیں، جنہیں ہمارے ہاں آپ مائیکروویو اوون میں رکھتے ہیں، باہر نکلنے کے بعد ایک تو اس میں سے ساری توانائی نکل چکی ہوتی ہے تو دوسری طرف انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر اثرات بھی اس میں شامل ہوجاتے ہیں۔

مختلف طبی تحقیقات سے آگاہی کے بعد آج ہم میں سے اکثر لوگ یہ جانتے ہیں کہ درحقیقت مائیکروویو اوون نام کی یہ مشین ہر چیز کو گرم کرنے کے لئے نہیں بنی، جیسے مائیکروویو اوون میں پکے ہوئے کھانوں کو کھانے سے انسانی جسم میں خون کے سرخ اور سفید خلیات میں کمی ہو جاتی ہے۔

مائیکروویو اوون کے اندر کسی کھانے کو گرم کے لئے پلاسٹک کے برتن کا استعمال نہایت تباہ کن غلطی ہے۔

تحقیقات کے مطابق پلاسٹک کے برتنوں میں ایسے کیمیائی اجزاء ہوتے ہیں، جو برقی مقناطیسی شعاعوں کے ذریعے گرم ہونے سے کینسر تک کا موجب بن سکتے ہیں، اسی طرح مائیکروویو اوون میں کاغذ، دھات یا میٹل کا استعمال نہایت خطرناک ہوسکتا ہے، لیکن اس مائیکروویو اوون میں گرم کرنے کو بالکل بھی خطرناک تصور نہیں کیا جاتا لیکن درحقیقت یہ زہر بن سکتی ہیں۔ آیئے اب ان کی تفصیل جانتے ہیں۔

ابلے انڈے

چھلے یا بغیر چھلے ابلے انڈے کو جب مائکروویو اوون میں گرم کیا جاتا ہے، تو اس کے اندر کی نمی ایک چھوٹے پریشر کُکر کی طرح انتہائی بھاپ پیدا کرتی ہے اور وہ اس مقام تک پہنچ سکتی ہے کہ انڈا پھٹ سکتا ہے، اور یہ صورت حال اس وقت مزید گھمبیر ہوسکتی ہے جب یہ انڈا اوون کے بجائے آپ کے ہاتھ، پلیٹ یا منہ میں پھٹ جائے۔

لہذا اپنے انڈے کو بھاپ کے بم میں تبدیل کرنے سے بچانے کے لیے اسے دوبارہ گرم کرنے سے پہلے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں یا پھر اسے مائیکروویو اوون میں ڈالنے سے ہی گریز کریں۔

ماں کا دودھ

آج دنیا میں یہ چلن بھی دیکھنے کو مل رہا ہے کہ مائیں اپنے دودھ کو بعد میں استعمال کرنے کے لیے منجمد اور ذخیرہ کر لیتی ہیں، لیکن یہ عمل اس وقت خطرناک ثابت ہوسکتا ہے جب اس دودھ کو مائیکروویو اوون میں رکھ کر گرم کیا جائے۔ اس دودھ کو گرم کرنے کے لئے کسی برتن یا عموماً فیڈر کا استعمال کیا جاتا ہے تو اوون اس دودھ کو مساوی طور پر گرم نہیں کرتا بلکہ یہ کہیں سے زیادہ تو کہیں سے کم گرم ہوسکتا ہے اور اس صورت حال میں آپ کو فیڈر میں واضح طور پر کچھ دھبے دکھائی دیں گے، جو بچے کے منہ اور گلے کو شدید متاثر کر سکتے ہیں۔ پھر فیڈر (جو عموماً پلاسٹک سے بنا ہوتا ہے) میں دودھ گرم کرنے کے باعث خدانخواستہ یہ سرطان کی بیماری کے جنم کا بھی باعث بن سکتا ہے۔

لہذا امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی تجویز کے مطابق شیر خوار بچے کے لئے ماں کے دودھ کو مائیکروویو اوون کے بجائے کسی برتن میں ڈال کر چولہے پر گرم کیا جائے، دوسری صورت میں اگر آپ کے پاس چولہے کی سہولت نہیں ہے تو آپ کسی برتن میں پانی ڈال کر اسے اوون میں گرم کریں اور پھر باہر نکال کر اس میں دودھ کے فیڈر کو گرم کر لیں۔

محفوظ گوشت (Processed Meat)

محفوظ گوشت میں ایسے کیمیکلز ہوتے ہیں، جو اس کی افادیت کو متاثر ہونے سے بچاتے ہیں لیکن بدقسمتی سے جب ان کو مائیکروویو اوون میں گرم کیا جاتا ہے تو یہ آپ کے لئے مہلک بن سکتا ہے۔ ایگریکلچرل اینڈ فوڈ کیمسٹری نامی امریکی جریدے کی ایک تحقیق کے مطابق محفوظ گوشت کو مائیکرو ویو اوون میں گرم کرنے سے اس میں آکسیڈائزڈ کولیسٹرول جیسی کیمیائی تبدیلیاں واقع ہوسکتی ہیں، جو دل کی بیماریوں کو جنم دینے کا باعث ہے۔

چاول

آپ حیران ہوں گے کہ طبی ماہرین، صحت کے مسائل کی وجہ سے چاول کو بھی مائیکروویو اوون میں بار بار گرم کرنے سے منع کرتے ہیں۔ برطانیہ کی فوڈ سٹینڈرڈز ایجنسی کے مطابق مائیکروویو اوون میں گرم کئے جانے والے چاول بعض اوقات فوڈ پوائزننگ کا باعث بن سکتے ہیں۔ انٹرنیشنل جرنل آف فوڈ مائیکرو بیالوجی کے مطابق چاولوں میں ایک خاص بیکٹریا (Bacillus cereus) پایا جاتا ہے لیکن اوون کی گرمی کی وجہ سے یہ بیکٹریا مر جاتا ہے، جس کے باعث چاولوں میں ایسے اجزاء (spores) پیدا ہوجاتے ہیں، جو نہایت زہریلے ہوتے ہی۔

اس کے علاوہ دیگر متعدد تحقیقات میں یہ بات سامنے آچکی ہے کہ ایک بار جب چاول مائکروویو اوون سے باہر آجاتے ہیں تو ان میں موجود کوئی بھی زہریلا کیمیکل پیدا ہوسکتا ہے، جس کے کھانے سے آپ فوڈ پوائزننگ کا شکار ہوسکتے ہیں۔ لہذا ماہرین کا کہنا ہے کہ چاولوں کو کھانے کے لئے انہیں بہت زیادہ گرم کریں اور پھر جلد نوش فرمالیں تاکہ ان میں کوئی بھی مضر کیمیکل پیدا نہ ہو۔

چکن

مائیکروویو اوون کے بارے میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس کی حرارت کسی بھی کھانے والے چیز کے تمام بیکٹیریاز کو نہیں مار پاتی کیوں کہ مائیکروویو کی حرارت کسی بھی کھانے کو اندر تک گرم نہیں کر پاتی، جس کے باعث کچھ بیکٹیریاز زندہ رہ جاتے ہیں، جو بعدازاں انسانی جسم میں بیماری پیدا کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس تناظر میں یہ سمجھنا مشکل نہیں کہ اوون کی حرارت گوشت کے تمام حصوں کو پکا نہیں پاتی، جس کے باعث سالمونیلا نامی بیکٹریا زندہ رہ جاتا ہے، لہذا گوشت کو ہمیشہ اس طریقے سے پکائیں کہ اس کے اندر موجود تمام بیکٹیریا ختم ہو جائیں۔ ایک مطالعہ میں 30 ایسے افراد کا چناؤ کیا گیا، جن میں سے 10 کو اوون میں تیار شدہ گوشت جبکہ باقی 20 کو عام چولہے پر پکا گوشت کھلایا گیا تو حیران کن طور پر پہلے والے 10 افراد کسی نہ کسی بیماری کا شکار نظر آئے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کھانا پکانے کے دیگر طریقوں کے مقابلے میں مائیکروویو کرنے پر گوشت میں کتنے بیکٹیریاز زندہ رہ سکتے ہیں۔

سبز پتوں والی سبزیاں

اگر آپ سبز پتوں والی سبزیوں یعنی پالک، اجوائن یا گوبھی کے سالن کو دوبارہ استعمال کرنے کے لئے بچا لیتے ہیں تو انہیں گرم کرنے کے لئے مائیکروویو اوون کا استعمال مت کریں کیوں کہ ان سبزیوں میں قدرتی طور پر پایا جانے والا نائٹریٹ، اوون میں گرم کرنے سے نائٹروسامینز میں تبدیل ہو سکتا ہے، جو سرطان پیدا کرسکتا ہے۔

چقندر

چقندر کو مائیکروویو اوون میں گرم کرنے سے وہی نقصان ہوسکتا ہے جو پالک کو گرم کرنے سے ہوتا ہے کیوں کہ چقندر میں بھی نائٹریٹ بھرپور مقدار میں ہوتا ہے۔

سرخ مرچ

جب سرخ مرچوں کو مائکروویو اوون میں گرم کیا جاتا ہے، تو اس میں موجود کیمیکل کیپساسین ہوا میں مکس ہو جاتا ہے، جو آپ کی آنکھوں اور گلے کو جلا سکتا ہے۔

پھل

اگر آپ انگوروں کو کشمش میں بدلنے کے لئے مائیکروویو اوون میں گرم کر رہے ہیں تو یقیناً آپ ایک خطرناک غلطی کرنے جا رہے ہیں کیوں کہ ایسا کرنے سے انگور، کشمش میں تو تبدیل نہیں ہوگا تاہم وہ ایک ایسا پلازما ضرور بنائیں گے، جو صحت کے لئے نہایت نقصان دہ ہے۔

آلو

آلو کو سبزیوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے کیوں کہ یہ ایک ایسی سبزی ہے، جسے کسی بھی دوسری سبزی یا گوشت میں نہ صرف استعمال کیا جاسکتا ہے بلکہ اسے کھانے کے لئے فوری تیار بھی کیا جا سکتا ہے، لیکن یہ اس وقت نقصان کا باعث بن سکتا ہے جب آپ پکے ہوئے آلو کو دوبارہ اوون میں رکھ کر گرم کرتے ہیں کیوں کہ ایسا کرنے سے ممکنہ طور پر بوٹولزم پیدا ہو جاتا ہے، جو کھانے کو زہر آلود کرسکتا ہے، لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ آلو کو پکانے کے بعد فوری استعمال کر لیں یا پھر اسے فریج میں رکھنے کے بعد عام چولہے پر گرم کر کے دوبارہ نوش فرمائیں۔

مائیکروویو اوون ایک بنیادی برقی آلے سے کچھ زیادہ کارآمد

مائیکروویو اوون کی ایجاد کی کہانی بہت دلچسپ ہے۔ گھریلو استعمال کے کارآمد برقی آلات میں شامل مائیکروویو اوون 1945 میں ایک امریکی انجینئر پرسی اسپینسر کے ذریعے معرض وجود میں آیا۔ اس کا موجد انجینئر پرسی اسپینسر جب ملٹری گریڈ میگنیٹرون کی جانچ کر رہا تھا تو غلطی سے اسے معلوم ہوا کہ برقی لہروں کو جمی ہوئی یا کھانے کی ٹھنڈی ہو جانے والی چیزوں کو گرم کرنے اور پگھلانے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد اس نے مزید تجربات کر کے مائیکروویو اوون کو ایک شاندار برقی آلے کی شکل دی۔ اس شاندار آلے کی ایجاد نے لوگوں پر ایک طرح کا احسان کیا ہے کیونکہ ایک مائیکروویو اوون نے لوگوں کا زیادہ تر وقت بچا کر ان کی زندگی آسان کر دی ہے۔ مائیکروویو اوون ایک ایسا برقی آلہ ہے جو آج کی زندگی کی بنیادی ضرورت ہے کیونکہ جیسے جیسے وقت کے ساتھ، الیکٹرانک آلات پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہے ہیں ایسے میں مائیکرو ویو اوون ایک بنیادی سامان ہے جو تقریباً ہر گھر میں استعمال ہوتا ہے۔ آج کل مائکروویو کو گھریلو سامان کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے لیکن ملازمین کا اپنا وقت بچانے کے مصروف شیڈول کو دیکھنے کے بعد دفاتر میں بھی رکھا جانے لگا ہے۔ مائیکروویو اوون نہ صرف کھانے کو گرم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے بلکہ منٹوں کے اندر پکوان تیار کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جو آپ کو گھر کے پکے ہوئے پکوانوں کی طرح کا ذائقہ اور اطمینان دیتا ہے۔

مائیکروویو میں کھانا بنانے کے لیے فوڈ ٹیکٹس:

صرف حرارتی نظام کے لیے، کھانے کا وقت کھانے کے درجہ حرارت پر منحصر ہے کیونکہ عام چولہے پر کھانا گرم کرنے میں زیادہ وقت خرچ ہوتا ہے اور اس میں محنت بھی زیادہ لگتی ہے جبکہ مائیکروویو اوون میں کھانا تیزی سے پکتا ہے۔ مائیکروویو اوون میں کھانا پکانے سے کبھی بھی کھانے کی مقدار زیادہ نہیں ہوتی ہے اور اگر کوئی ایسی ڈش تیار کی جارہی ہے جو زیادہ مقدار میں ہے تو بہتر نتائج کے لیے کھانے کو دو یا اس سے زیادہ حصوں میں تقسیم کر لیں۔ حرارتی وقت کھانے کی مقدار پر منحصر ہوتا ہے جو پکا ہوا ہے۔ یہاں مختلف قسم کے پکوان تیار کیے جاسکتے ہیں جبکہ مندرجہ ذیل پکوان کھانا پکانے کے لیے آسان تراکیب دی جارہی ہیں۔



مگ کیک

اب ہمیں کیک بنانے کے لیے علیحدہ بیکنگ اوون کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مائیکروویو میں بیکنگ کی بھی ایک ٹیکنالوجی موجود ہے۔ اس لیے اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ مگ کیک تیار کرنے کے لیے ہمیں مندرجہ ذیل اجزاء کی ضرورت ہے۔

1۔ میدہ
2۔ کوکا پاؤڈر
3۔ دانے دار چینی
4۔ دودھ
5۔ خوردنی تیل

ایک کپ میں مذکورہ بالا اجزاء شامل کریں اور اسے مائیکروویو اوون میں ایک یا دو منٹ کے لیے رکھیں اور اپنا تیار شدہ مگ کیک لے آئیں۔

میک اینڈ چیز

یہ ایک ایسی ڈش جو بچوں کے ساتھ ساتھ بڑوں کو بھی بے حد پسند ہے۔ اس کی تیاری کے لیے ہمیں مندرجہ ذیل اجزاء کی ضرورت ہے۔

1۔ میکرونی
2۔ پانی
3۔ چیڈر چیز
4۔ موزریلا چیز
5۔ دودھ
6۔ کالی مرچ
7۔ نمک
8۔ مکھن

نمک اور کالی مرچ حسب ذائقہ اور دیگر تمام اجزاء کو ایک پیالے میں ڈالیں اور اس کو ایک منٹ کے لیے مائیکروویو اوون میں گرم کریں اور اگر یہ تیار نہیں ہے تو اسے 30 سیکنڈ تک مزید گرم کریں جس کے بعد آپ اپنے میک اینڈ چیز کو کھانے کے لیے تیار ہوجائیں گے۔

چیزکیک

ایک میٹھی ڈش جو آج کل ٹرینڈ کر رہی ہے اور ہر ایک اسے پسند کرتا ہے کیونکہ یہ کھانے میں ہلکا ہے اور اسے بنانا بھی بہت آسان ہے۔ چیز کیک بنانے کے لیے ہمیں مندرجہ ذیل اجزاء کی ضرورت ہے۔

1۔ مکھن
2۔ گراہم کریکر
3۔ کریم چیز
4۔ چینی
5۔ ونیلا

مک مکھن اور گراہم کریکر کو لیں اور انہیں کپ کی تہہ میں لگائیں پھر اس کے اوپر کریم چیز، ونیلا اور چینی کا آمیزہ ملا دیں اور اسے مائیکروویو اوون میں پانچ منٹ کے لیے بیک کریں۔ لیجیے جناب آپ کا چیز کیک چکھنے کے لیے بالکل تیار ہے۔

پیزا

ایک ایسی ڈش جو لاجواب ہو اور اطمینانہ یا پارٹیوں کے لیے دوپہر کے کھانے یا رات کے کھانے کے لیے تیار ہونے کے لیے ایک بہترین شے ہو اسے ہم آسانی سے پیزا کا نام دے سکتے ہیں۔ پیزا بنانے کے لیے ہمیں درج ذیل اجزاء کی ضرورت ہوگی۔



1۔ پیزا بریڈ
2۔ پیزا ساس
3۔ آپ کے ذوق اور ذائقے کے مطابق ٹاپنگ

پیزا بریڈ کو ایک چھوٹی ڈش میں رکھیں جو آپ کے مائیکروویو اوون کے سائز کے مطابق فٹ ہوسکے۔ بریڈ کے اوپر پیزا ساس پھیلائیں، اپنی پسندیدہ ٹاپنگ شامل کریں اور ساری ٹاپنگ میں پنیر ملا لیں۔ اس کے بعد اسے بیک کریں جب تک کہ ٹاپنگ پر موجود پنیر پگھل نہ جائے۔

کچلے ہوئے آلو

جب بھی بھوک لگی ہو اسے تیار کرنے میں سب سے آسان نمکین پکوانوں میں سے ایک کچلے ہوئے آلو یعنی میشڈ پوٹاٹوز ہے، جسے مختلف قسم کے پکوانوں میں بطور سائیڈ لائن ڈش بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس ڈش کو تیار کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اجزاء شامل کیے جاتے ہیں۔

1۔ آلو
2۔ مکھن
3۔ کالی مرچ
4۔ نمک
5۔ دودھ

سب سے پہلے آلوؤں کو چھیل کر ایک چھوٹے سے پیالے میں رکھیں۔ اس پیالے میں دودھ، مکھن ڈالیں اور پھر اپنے ذائقے اور ذوق کے مطابق نمک اور کالی مرچ ڈالیں۔ اسے اس وقت تک بیک کریں جب تک کہ آلو پوری طرح میش ہونے کے لیے نرم نہ ہو جائیں۔ اس کے ذائقے کو بڑھانے اور اس پکوان کو مزید لذیذ بنانے کے لیے چھلے ہوئے آلوؤں میں پنیر ڈالیں اور بس۔ اب یہ پیش کرنے کے لیے بالکل تیار ہیں۔

بقیہ 1

موبائل وین کا معائنہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہیلتھ کاؤنٹر پر ادویات کا بھی جائزہ لیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سیلاب متاثرین کیلئے انتظامات پر بریفنگ دی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ گجرات کے 95 موضع اور 23 ہزار آبادی سیلاب سے متاثر ہوئی ہے۔سیلاب متاثرین کیلئے گجرات میں 20 ریلیف کیمپ قائم کیے گئے اور علاج کیلئے ادویات کی فراہمی ممکن بنائی گئی ہے۔395 افراد محفوظ مقامات پر منتقل ہوئے اور 2200 افراد کو ریسکیو کیا گیا ہے۔3346 سیلاب متاثرہ مریضوں کا فلڈ میڈیکل کیمپس میں علاج معالجہ کیا گیا ہے۔سیلاب متاثرین کیلئے خیمے، چارپائیاں، قالین، خوراک، دودھ اور پینے کا پانی فراہم کیا گیا۔انسداد ڈینگی سپرے، مچھر دانی اور ریپیلنٹ کی فراہمی جاری ہے۔سیلاب زدہ علاقوں سے 1450 جانور محفوظ مقامات پر منتقل کیے گئے اور 5960 کی ویکسینیشن کی گئی۔مویشیوں کیلئے مفت چارہ، لائیو سٹاک کیمپ قائم اور ادویات دستیاب کی گئی ہیں۔17990 فوڈ پیکٹ اور 3230 خشک راشن بیگز تقسیم کیے، 500 بوری آٹا فلور مل کی طرف سے عطیہ کی گئی۔

بقیہ 2

میں مادر وطن کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ایک کروڑ اقلیتی برادری، چاہے وہ ہندو ہو، مسیحی ہو، سکھ یا پارسی، ہمیشہ ملک کے ساتھ مخلص رہی ہے اور ہر مشکل گھڑی میں اپنی مسلح افواج اور قوم کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی رہی ہے۔اقلیتیں ملک کی سلامتی اور دفاع کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گی۔سینیٹر دھنیش کمار نے مزید کہا کہ آج کا دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم سب بلاامتیاز مذہب، زبان اور نسل، اس وطن کی ترقی، سلامتی اور خوشحالی کے لیے متحد ہیں۔ ہماری اقلیتی برادری نے تعلیم، صحت، معیشت اور خصوصاً دفاعی اداروں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم سب پاکستانی ہیں اور ایک ہی جھنڈے تلے کھڑے ہیں۔انہوں نے پاک فوج کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے سپاہی، افسران اور جوان وطن کی سرحدوں کے دفاع میں جو جذبہ اور قربانی پیش کرتے ہیں، وہ پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو یا قدرتی آفات، ہماری افواج نے ہمیشہ قوم کی امیدوں پر پورا اترتے ہوئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔

بقیہ 3

خرید سکیں گے۔حکومت کی جانب سے کراؤن الیکٹرک بائیک پر 50 ہزار روپے سبسڈی دی جائے گی، صفر مارک اپ کے ساتھ اقساط کی ادائیگی کرنا ہوگی جبکہ کسی قسم کی پروسیسنگ فیس بھی نہیں ہوگی۔یہ اسکیم پاکستان کے 18 سے 65 سال کی عمر کے تمام شہریوں کے لیے ہے، خواتین، معذور افراد اور اوورسیز پاکستانیوں کو ترجیح دی جائے گی۔درخواستیں صرف سرکاری پورٹل www.pave.gov.pk پر جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ درخواست گزاروں کو فارم بھرنے کے بعد ایک کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی سسٹم میں شامل کیا جائے گا تاکہ مکمل شفافیت برقرار رہے۔کراؤن الیکٹرک موبلیٹی جو پاکستان میں الیکٹرک گاڑیاں تیار کرنے والی نمایاں کمپنی ہے، اس اسکیم کی پارٹنر ہے۔

بقیہ 4

ضمن میں مریم نواز نے متاثرین سیلاب کی بحالی کے لیے ایک جامع اور فوری پیکج طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی صدارت میں طویل اجلاس ہوا جس میں وزیراعلیٰ نے متاثرین کے مسائل پر ہمدردانہ غور کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ بحالی پیکج میں امدادی رقوم کو بڑھایا جائے تاکہ متاثرین کی فوری مدد ممکن ہو سکے۔انہوں نے سیلاب متاثرہ کاشتکاروں کے لیے ایک خصوصی بحالی پروگرام ترتیب دینے کی بھی ہدایت کی، مریم نواز شریف نے اربن یونٹ، بورڈ آف ریونیو اور دیگر محکموں کو بحالی پیکج کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کردی۔مریم نواز نے بحالی پیکج کے لیے سروے کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور اس عمل کے لیے شفاف ترین طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کی جس میں ڈیجیٹل ریکارڈنگ کا بھی اہتمام کیا جائیگا۔

بقیہ 5

مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی کے علاوہ پشاور، ہری پور، ایبٹ آباد، چارسدہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔اٹک، ملاکنڈ، سوات، ہنگو، مانسہرہ اور ہزارہ کے دیگر اضلاع میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.9 ریکارڈ کی گئی، جبکہ اس کی گہرائی 111 کلومیٹر اور مرکز کوہ ہندوکش افغانستان ریجن تھا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور گردونواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے کئی سیکنڈ تک جاری رہے جبکہ شہری گھروں سے باہر نکل آئے۔زلزلے کے دوران لوگ کلمہ طیبہ اور استغفار کا ورد کرتے رہے اور کئی گھنٹے کھلے آسمان تلے گزارے خیال رہے کہ دو روز قبل بھی وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور پشاور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔

بقیہ 6

سالک حسین نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ "حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین کی سیرت طیبہ بنی نوع انسان کے لیے مشعلِ راہ ہے۔آپ کی تعلیمات اخوت، برداشت، عدل و انصاف اور خدمتِ خلق پر عمل پیرا ہو کر ہم ایک پرامن، خوشحال اور باوقار معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔" سیکریٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ، جناب ذوالفقار احمد نے اپنے پیغام میں کہا کہ "ہمیں اپنی انفرادی و اجتماعی زندگیوں میں حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین کی سیرتِ طیبہ کو نمونہ بنانا چاہیے۔ آپ کی تعلیمات نہ صرف دنیاوی کامیابی بلکہ اخروی نجات کی بھی ضامن ہیں۔حضور اکرم ﷺ ہی انسانیت کے کامل ترین رہنما اور حقیقی رول ماڈل ہیں۔" بعد ازاں علماء نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور فرمایا کہ سیرت النبی ﷺ ایک کامل ضابطۂ حیات ہے جو انسان کو زندگی کے ہر میدان میں رہنمائی فراہم کرتی ہے۔تقریب کا اختتام ملک و ملت کی ترقی و خوشحالی، امتِ مسلمہ کے اتحاد و یکجہتی اور مزدوروں وان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی دعا پر ہوا

بقیہ 7

مسجد اقصیٰ میں نماز جمعہ ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت انسانی المیہ ہے اور اسرائیل کئی دہائیوں سے بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا مرتکب ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان مسئلہ فلسطین پر واضح موقف رکھتا ہے اور اس حوالے سے ہم نے قومی اسمبلی سے متعدد قراردادیں منظور کی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسا کوئی دن نہیں ہوتا کہ قومی اسمبلی میں اسرائیلی جارحیت پر بحث نہ ہوئی ہو۔اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ یورپی ممالک میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف عوام کی کثیر تعداد میں احتجاج خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ مسئلہ فلسطین پر میں نے سعودی شوریٰ کونسل کے چیئرمین اور متعدد سفارت کاروں سے بات کی ہے۔

بقیہ 8

سفارشات دے گی۔گرانٹ ان ایڈ کے تسلسل یا نئے مقاصد کے لیے درخواستوں پر فیصلہ کرے گی، اگر ایک ہی مقصد کے لیے رقم مختلف نوعیت میں مانگی گئی ہو تو کمیٹی کیس کابینہ کو بھیجے گی۔گرانٹ ان ایڈ کی بندش یا قبل از وقت خاتمے کے معاملات پر بھی کمیٹی فیصلہ کرے گی، کمیٹی فنڈز کی منظوری کے لیے سفارشات کابینہ کو بھجوائے گی۔اضافی بجٹ گرانٹ یا تھروگھ سپلیمنٹری گرانٹ کیسز پر بھی سفارشات کابینہ کو جائیں گی۔ کمیٹی میں وزیر قانون، وزیر برائے سپشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ممبر نامزد کئے گئے ہیں۔سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، سیکرٹری آئی اینڈ سی بھی کمیٹی میں شامل، متعلقہ محکمے کے سیکرٹری اور سپیشل سیکرٹری فنانس (بجٹ) بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔کمیٹی کے فیصلے حتمی سفارش کے طور پر صوبائی کابینہ کو پیش ہوں گے، گرانٹ ان ایڈ کے تمام کیسز کابینہ کی منظوری کے بغیر منظور نہیں ہوں گے۔کمیٹی حکومت پنجاب کے مالیاتی نظم و ضبط اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تشکیل دی گئی ہے۔

بقیہ 9

اپنی انفرادی بلکہ اجتماعی زندگی کو بھی سنوار سکتے ہیں۔ انجینئر چوہدری خالد محمود نے آئیسکو کے افسران و عملے کو اپنے ایک پیغام میں کہا کے حقوق العباد کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے معزز صارفین کو بروقت اور معیاری سروسز مہیا کریں کیونکہ یہ ہماری دینی، اخلاقی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے۔انکا مزید کہنا تھا کہ آئیسکو نے 12 ربیع الاول کے حوالے سے بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے۔

بقیہ 10

مذمت کرتے ہیں، عالمی برادری اسرائیلی جارحیت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، شہریوں کے تحفظ اور غزہ کے لوگوں کو ضروری انسانی امداد کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائے۔ جمعہ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کا یوم دفاع و شہدا پر اپنے پیغام میں کہا کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ میں بہادری، اتحاد اور عزم کے دن کے طور پر نقش ہے، ساٹھ سال قبل ہماری بہادر مسلح افواج نے عوام کے بھرپور تعاون سے دشمن کی جارحیت کو ناکام بناتے ہوئے ثابت کیا کہ پاکستان ایک بہادر قوم ہے جو اپنی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، 1965 کا وہ ناقابل تسخیر جذبہ آج بھی زندہ ہے جیسا کہ حالیہ معرکہ حق میں ایک بار پھر ہماری مسلح افواج اور عوام بیرونی جارحیت کے خلاف آہنی دیوار کی طرح ایک ساتھ کھڑے رہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری فوج، بحریہ اور فضائیہ نے بے مثال پیشہ ورانہ مہارت، جدید جنگی مہارتوں اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف آرمی اسٹاف کے تزویراتی وژن کے ذریعے دشمن کے تکبر کو اپنی پرعزم قوت سے کچلتے ہوئے نئی تاریخ رقم کی۔انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم اپنے بہادر شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنے غازیوں کو، جن کی جرات آئندہ نسلوں کیلئے ایک مثال ہے۔

بقیہ 11

زندگی کو حضور اکرم ﷺ کی سیرت و تعلیمات کے مطابق ڈھالیں۔انہوں نے کہا کہ حضرت محمد ﷺ کی ذاتِ اقدس بنی نوع انسان کے لیے سراپا رحمت اور مکمل ہدایت ہے ۔ نبی کریم ﷺ نے صبر، برداشت، عاجزی، عدل، رواداری، محبت، بھائی چارے اور امن کا درس دیا۔ آج امت مسلمہ کو درپیش مسائل اور چیلنجز کا حل بھی اسی وقت ممکن ہے جب ہم اپنی عملی زندگی میں ان سنہری اصولوں کو اختیار کریں۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ میلاد النبی ﷺ ہمیں یہ سبق بھی دیتا ہے کہ ہم باہمی اختلافات کو پس پشت ڈال کر اتحاد و یکجہتی کو فروغ دیں، نفرتوں کو ختم کریں اور معاشرے کو امن و سکون کا گہوارہ بنائیں۔ یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں دنیا و آخرت کی کامیابی عطا کر سکتا ہے۔چیئرمین سینیٹ نے زور دیا کہ ہمیں اس بابرکت موقع پر غرباء، یتیموں، بے سہارا اور مستحق افراد کو یاد رکھنا چاہیے اور ان کی مدد کو اپنی زندگی کا نصب العین بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی پوری زندگی خدمتِ انسانیت کے عظیم پیغام سے عبارت ہے جسے اپنانا آج کے دور کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو بھی سیرت النبی ﷺ سے اچھی طرح روشناس کروانا ہماری ذمہ داری ہے تاکہ وہ اعلیٰ اخلاق، دیانت داری اور قربانی کے جذبے کو اپنائیں اور مستقبل میں ملک و قوم کے لیے قیمتی اثاثہ بن سکیں۔

بقیہ 12

کانفرنسز سمیت میلاد جلوس اور ریلیاں نکالی جائیں گی۔ جن میں نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی سیرت مبارکہ اور دین اسلام کی سربلندی کیلئے کی جانے والی عظیم کاوشوں کو موضوع بنایا جائے گا جبکہ ریلیوں اور جلوسوں میں حمد و ثنا اور درود پاک پڑھے جائیں گے۔ جشن میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں ملک بھر کے گلی محلوں اور بازاروں کو خوبصورت روشنیوں، برقی قمقموں اور سبز جھنڈیوں سے سجایا گیا ہے، جبکہ سرکاری و نجی عمارتوں، مساجد اور گھروں پر چراغاں کیا گیا ہے۔حکومت کی جانب سے 12 ربیع الاول کی مناسبت سے عام تعطیل کا اعلان کیا گیا۔ پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لئے سخت سکیورٹی انتظامات کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔

بقیہ 13

ٹاکر ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔پولیس کے مطابق اویس نامی ٹک ٹاکر سیلابی پانی میں جا کر وڈیوز بناتا تھا جس سے اس کو ٹک ٹاک پر شہرت ملنا شروع ہوئی۔معروف ٹک ٹاکر اویس کے 1 لاکھ 64 ہزار فالور تھے، اویس فالورز اور لائیکس کو بڑھانے کے لیے اپنی زندگی داؤ پر لگا دی۔بتایا گیا ہے کہ اویس ویڈیو بناتے بناتے گہرے پانی میں چلا گیا جس سے اس کی یہ ویڈیو آخری ثابت ہوئی اور وہ گہرے پانی میں ڈوب گیا۔ ریسکیو 1122 نے لاش نکال کر لواحقین کے حوالے کر دی۔

بقیہ 14

رواداری کے 1500 سالہ جشن کا موقع امت مسلمہ کیلئے مسرت اور فخر کا باعث ہے، ہمیں اس موقع کو اصلاح نفس، معاشرتی بہتری اور سیرت طیبہ کی پیروی کے عہد کے طور پر منانا چاہیے۔عید میلاد النبیؐ کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ نبی کریمؐ نے معاشرے کو جہالت، نفرت اور ناانصافی سے نکال کر علم، عدل، رحم دلی اور رواداری کی بنیادوں پر استوار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریمؐ کو تمام جہانوں کے لیے سراپا رحمت اور اخلاق حسنہ کا کامل پیکر بنایا، آپؐ کی سیرت طیبہ ہر دور کے انسان کیلئے بہترین رہنمائی فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک پرامن اور اعتدال پسند معاشرے کی تشکیل کے لیے ہمیں اپنی انفرادی و اجتماعی زندگیوں میں امانت و دیانت، عدل و انصاف، برداشت اور خدمت خلق جیسے اوصاف کو اپنانا ہوگا۔

بقیہ 15

خارجہ مرات نورتلو اپنے دورہ پاکستان کے دوران وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر بحری امور جنید انور چوہدری سمیت دیگر رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے، پاکستان اور قازقستان کے مابین وفود کی سطح پر مذاکرات بھی ہوں گے۔ذرائع کے مطابق پاکستان اور قازقستان کے درمیان بحری خدمات کے لیے فری زونز میں سرمایہ کاری پر معاہدے متوقع ہیں۔ پاکستان اور قازقستان ایس آئی ایف سی کے توسط سے پاکستان میں تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی شراکت داری کے فروغ پر بھی بات چیت کریں گے۔ذرائع کے مطابق دونوں ممالک بحری تجارتی مذاکرات، مشترکہ منصوبوں اور اقتصادی تعاون کو دستاویزی شکل دیں گے، بندرگاہوں کی ترقی، نقل و حمل اور سمندری معیشت میں تعاون بڑھانے کے لیے اقدامات کو عملی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 16

وزیراعظم شہباز شریف کو پنجاب بھر کے کسانوں کے مسائل سے آگاہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ موجودہ سیلاب کی وجہ سے پنجاب میں زراعت کے شعبے کو شدید نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 17

بنائیں گے۔جلوس کے اختتام پر تمام روٹس اور شہر کو زیرو ویسٹ کر دیا جائے گا۔جشن عید میلاد النبی کے موقع پر شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی کے تمام انتظامات کو یقینی بنایا جائیگا۔

بقیہ 18

مطابق، اس کی بیوی کی زچگی پر ممتا پروگرام کے تحت ملنے والی تیس ہزار روپے کی رقم ابھی تک فراہم نہیں کی گئی۔اس نے بتایا کہ 4 ستمبر 2025 کو اپنی بیٹی کو ٹیکہ لگوانے کے لیے ای پی آئی، تعلقہ اسپتال کنڈ کوٹ میں لیکر آیا، اور ٹیکہ لگوانے کے بعد مڈوائف سے گزارش کی کہ بچی کا اندراج ڈیوائس میں اسکین کر کے کیا جائے تاکہ حکومت کی جانب سے وظیفے کی رقم مل سکے، مگر مڈوائف نے صاف انکار کر دیا اور کسی قسم کا تعاون نہیں کیا درخواست گزار نے الزام عائد کیا کہ اسپتال کے عملے نے اس کی غربت کا مذاق اڑایا اور کوئی مدد نہیں کی۔

بقیہ 19

مادر وطن پاکستان کے دفاع اور بقا کے لیے دی جانے والی لازوال قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ 6 ستمبر کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ یہ وطن ہمارے شہیدوں کی قربانیوں، جوانوں کی بہادری اور عوام کی لازوال یکجہتی سے محفوظ و قائم ہے۔افواج پاکستان نے ہمیشہ اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر ملک کی حفاظت کی ہے، جس پر پوری قوم ان پر فخر کرتی ہے۔ آج ہم ان شہدا کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانیں قربان کر کے پاکستان کے دفاع کو یقینی بنایا۔ پاکستان کی مسیحی برادری نے بھی ہمیشہ اس وطن کی ترقی، امن، اور دفاع میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ چاہے میدانِ جنگ ہو، تعلیم، صحت یا سماجی خدمت ہمارے مسیحی بھائیوں اور بہنوں نے ہمیشہ پاکستان کی خدمت کو اپنا فرض سمجھا۔

بقیہ 20

کا کہنا تھا کہ ٹریفک وارڈنز کی بہترین کارکردگی ہی انہیں دوسروں سے ممتاز کرتی ہے، اس لیے تمام اہلکار شہریوں کی سہولت کے لیے دلجمی سے کام کریں اور محکمہ پولیس کے لیے باعثِ فخر بنیں۔

بقیہ 21

ہیں، ملزمان بھارتی خفیہ ایجنسی را سے رابطے میں تھے۔دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ، بارودی مواد اور جدید موبائل برآمد کر لیا گیا۔ملزمان بڑا دھماکا کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔

بقیہ 22

دیا کہ پاکستان ناقابلِ تسخیر ہے اور پاک افواج کی موجودگی میں کوئی دشمن وطن عزیز کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ یومِ دفاع ہمیں ان شہداء اور غازیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر مادر وطن کا دفاع کیا اور آنے والی نسلوں کی آزادی اور خودمختاری کو یقینی بنایا، پوری قوم ان جانبازوں کو سلام پیش کرتی ہے، ان کی لازوال قربانیوں کو ملکی تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا۔سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ افواجِ پاکستان نے صرف میدانِ جنگ میں نہیں بلکہ قدرتی آفات اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھی بے مثال قربانیاں دی ہیں، سیلاب، زلزلے اور دیگر قدرتی آفات کے دوران ہماری مسلح افواج نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا اور ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں۔

بقیہ 23

لیے نہ صرف خوشی اور عقیدت کا باعث ہے بلکہ اپنی انفرادی و اجتماعی زندگیوں کو تعلیماتِ نبویؐ کے مطابق ڈھالنے کا عہد بھی ہے۔اس 12 ربیع الاول کے ساتھ ساتھ ولادتِ نبویؐ کے پندرہ سو برس مکمل ہونے کی سعادت ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ ہم نبی اکرمؐ کے عطا کردہ آفاقی اصولوں؛ عدل، رحمت، اخوت اور امن کو اپنے معاشرتی، سیاسی اور تہذیبی ڈھانچوں میں رائج کریں۔ یہ دن پوری دنیا کے مسلمانوں کو ایک ایسے رشتے میں پروتا ہے جو ایمان کی بنیاد پر استوار ہے اور جس کا محور صرف اور صرف رسولِ رحمت کی ذاتِ گرامی ہے۔

بقیہ 24

کیا، ایس ایس آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 25

[illegible]

بقیہ 26

[illegible]

کے 51 سے 100 فیصد شیئرز فروخت کیلئے پیش کئے جائیں گے، پری کوالیفائی کر نیوالے بڈرز کی جانب سے جانچ پڑتال کا عمل جاری ہے، پری کوالیفائیڈ بڈرز کو ورچوئل ڈیٹا روم تک رسائی دی گئی ہے، جانچ پڑتال کے بعد سرمایہ کاروں کو مزید سوالات کا موقع دیا جائے گا۔عارف حبیب کی سربراہی میں کنسورشیم کی جانب سے جانچ پڑتال میں تاخیر ہوئی، سیمنٹ ساز کمپنیوں پر مبنی کنسورشیم نے پی آئی اے کی ابتدائی جانچ پڑتال کر لی، فوجی فرٹیلائزر، ایئر بلیو گروپ نے بھی ابتدائی ڈیوڈیلیجنس کی۔نجکاری کمیشن نے کہا ہے کہ پی آئی اے نے رواں سال 7 ارب روپے سے زیادہ منافع کمایا جبکہ سال 2024 میں پی آئی اے کو 7.8 ارب روپے کا مالی نقصان ہوا تھا، یورپ اور برطانیہ کے فضائی روٹ بحال ہونے سے بزنس پر مثبت اثر پڑا۔کابینہ کمیٹی برائے نجکاری نے 25 مارچ کو ٹرانزیکشن اسٹرکچر کی منظوری دی تھی۔

بقیہ 27

بنیادوں پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح 3.57 فیصد سے بڑھ کر 5.07 فیصد ہو گئی ہے۔ تازہ اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے میں 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا اور 4 کی قیمتوں میں کمی جب کہ 24 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا۔

بقیہ 28

نے گرفتار کر کے اقدام قتل اور ناجائز اسلحہ کا مقدمہ نمبر 935/25 اور 1088/25 درج کر کے پابند سلاسل کر دیا، مدعی مقدمہ نے مقدمے کا اندراج کرواتے ہوئے بتایا کہ وہ اسٹیٹ لائف دفتر میں کام کرتا ہے اور سابقہ چپقلش کی بنا پر عرفان نے فائرنگ کی میں نے بھاگ کر جان بچائی فائرنگ سے ایک فائر بائیں پیر پر لگا، ایس ایچ او گوجر خان ملک نذیر گھیبہ نے کہا کے کیس کی تمام زاویوں سے تحقیقات کی جا رہی ہیں کیس کی میرٹ پر تفتیش کرتے ہوئے یکسو کیا جائے گا۔

بقیہ 29

گیا۔احتجاجی مظاہرے کی قیادت لاڑکانہ ڈویژن کے صدر زریت ساگر بجارانی، ضلعی قائمقام صدر شاہنواز مرہٹو، نور خان سبزوئی، محمد نواز سبزوئی، تعلقہ صدر غلام علی سبزوئی، سید گلزار احمد شاہ، فضل محمد سبزوئی، ٹاؤن صدر قربان ملک، سیاف رہنما فضل عباس کھوسو، وارڈ کے صدر فضل عباس کھوسو اور دیگر کارکنان نے کی۔مظاہرین کا کہنا تھا کہ جامشورو پولیس نے پیپلز پارٹی کے رہنما ضیا لنجار کے ونگ مین کے طور پر کام کرتے ہوئے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ کے خلاف دو الگ الگ جھوٹے مقدمات درج کیے ہیں، جو کہ سیاسی انتقام کے طور پر کیے گئے ہیں، جسے پارٹی قیادت اور کارکنان کبھی قبول نہیں کریں گے۔رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ سید زین شاہ کے خلاف درج جھوٹے مقدمات کو فوری ختم کیا جائے بصورت دیگر ضلع کشمور اور کندھ کوٹ میں بھرپور احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی۔

بقیہ 30

اے میر نادر مگسی۔اس موقع پر ایکسین اریگیشن توری بند امیر بخش مہر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آج سیلابی ریلا مجند پہنچ رہا ہے جو دو روز بعد گڈو بیراج پہنچے گا۔آبپاشی کا عملہ 24 گھنٹے بند پر موجود ہے۔ہمارے بند بہت مضبوط ہیں۔

بقیہ 31

ایک شخص عثمان جاں بحق جبکہ حبیب الرحمٰن زخمی ہوا ہے، لڑائی جھگڑے کے دوران ایک شخص رفاقت بھی [illegible]

بقیہ 32

[illegible]

بقیہ 33

میں کارروائیاں کیں، گندم مہنگے داموں فروخت کیلئے ذخیرہ کی گئی تھی، حکومت پنجاب کسی صورت گراں فروشی کی اجازت نہیں دے گی، پنجاب بھر میں روٹی اور آٹے کی قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 34

ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں بھارت کو ناکوں چنے چبوائے۔ان خیالات کا اظہار عوامی ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور ایڈووکیٹ ثاقب علی بیگ نے اپنے مشترکہ بیانیے میں کہا 6 ستمبر کا دن پاکستانی قوم کے لیے ایک قابلِ فخر قومی دن ہے۔

بقیہ 35

مطابق ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خود کو سرکاری افسر ظاہر کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص نے اپنا تعارف اسسٹنٹ کمشنر کے طور پر کروایا، زیر حراست شخص سے جعلی کارڈ بھی برآمد ہوا، ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی کا کہنا تھا کہ گرفتار شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 36

قیادت بشیر احمد، رفیق احمد، گھائل سندھی اور عباس باجکانی نے کی۔مظاہرین ہاتھوں میں پلے کارڈ اور بینرز اٹھائے ہوئے تھے اور قاتلوں کی گرفتاری کے نعرے بلند کر رہے تھے۔

بقیہ 37

عہد کرنا ہے کہ وہ وطن عزیز کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کو زندگی کی سب سے پہلی اور بڑی ترجیح بنا کر اس شعور کو اگلی نسلوں تک پہنچائیں گے۔یوم دفاع ہمارے اس عزم کی تجدید کا بھی دن ہے کہ ہم ایک مضبوط قوم ہیں اور ہم کسی بھی غیر ملکی قوم سے ڈریں گے نہیں چاہے وہ جنگی بھی مضبوط کیوں نہ ہو۔ہماری فوج ہمارے عظیم ملک پاکستان کی شجاعت اور حربی تکنیکوں کا مظہر ہے۔

بقیہ 38

ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، اشتہاری کے ساتھی قبل ازیں گرفتار ہو چکے ہیں، ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی کا کہنا تھا کہ اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 39

اس دوران ٹریفک کی روانی بلاتعطل رکھنے کے لیے اضافی اہلکار اور لفٹرز بھی تعینات کیے گئے۔سی ٹی او فرحان اسلم نے کہا کہ غیر قانونی جمعہ بازار شہریوں کے لیے مشکلات کا باعث بنتے ہیں۔

بقیہ 40

کھنہ، ہمک اور بنی گالہ پولیس ٹیموں نے مجموعی طور پر 14 ملزمان کو گرفتار کیا جن کے قبضہ سے 2,792 گرام آئس اور مختلف بور کے تین پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے

بقیہ 41

نمٹنے کے لئے الگ محکمہ بنایا جائے اور وزیراعلیٰ پنجاب خود اس کی سربراہی کریں۔پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت کی بجائے 1 گھنٹہ 56 منٹ کی تاخیر سے پینل آف چیئرمین راجہ شوکت عزیز کی صدارت میں شروع ہوا۔پارلیمانی سیکرٹری کنول لیاقت نے محکمہ جنگلات، جنگلی حیات اور فشریز سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے۔

بقیہ 42

[illegible]

نیلام عام محاصل آمدنی ٹھیکہ پارکنگ فیس

پارکنگ / اسٹینڈ برائے مالی سال 2025-26 میونسپل کمیٹی جہلم

[illegible]

نمبر شمار	ہیڈ آف آمدن	بولی تخمینہ	زرضمانت	میعاد ٹھیکہ	ریٹ
1	پارکنگ فیس پارکنگ سٹینڈ	850000	85000	15-09-2025 to 30-06-2026	[illegible]

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی جہلم — المشتہر — ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی جہلم

IPL-4509



جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیئے گئے ہیں

سٹی سمیت گردونواح کے تمام دیہاتوں میں جلوسوں اور محافل کیلئے صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیلئے سپروائزرکو خصوصی ہدایات جاری

شہر سمیت گردونواح کے تمام علاقوں کے روٹس کی مکینیکل سویپنگ اور واشنگ، مینوئل سویپنگ کر کے زیرو ویسٹ کیا جائے گا

یہ موقع عشقِ رسولؐ کے اظہار کا ہے اور اس موقع پر صاف، خوشبودار اور پاکیزہ ماحول فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے بابر شکیل

گوجرخان (قمر شہزاد) سی ٹی ڈی اس جے وی کمپنی کے ایریا منیجر بابر شکیل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق 12 ربیع الاول جشنِ عید میلاد النبیؐ کے موقع پر گوجرخان سٹی سمیت گردونواح کے تمام دیہاتوں میں جلوسوں اور محافل کیلئے صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کیلئے سپروائزر کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ورکرز کو مشینری، آلات، مکینیکل وسائل کا استعمال کو یقینی بنانے کا کہا گیا ہے اس حوالے سے بروئے کار وسائل کو استعمال کرتے ہوئے تمام انتظامات مکمل کیے گے ہیں۔ یہ موقع عشقِ رسولؐ کے اظہار کا ہے اور اس موقع پر صاف، خوشبودار اور پاکیزہ ماحول فراہم کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ جلوس سے قبل اور بعد میں ہر شہر سمیت تمام علاقوں کے روٹس کی مکینیکل سویپنگ اور واشنگ، مینوئل سویپنگ کر کے زیرو ویسٹ کیا جائے گا، جلوس سے قبل روٹ پر عرق گلاب کا چھڑکاؤ بھی کیا جائے گا اور صفائی ورکرز جلوس کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے راستوں کی صفائی کو یقینی (بقیہ نمبر 17)

تعلقہ ہسپتال کندہ کوٹ پھر الزامات کی زد میں آ گئی ہے

ممتا پروگرام کی رقم نہ ملنے پر غریب شہری نے انصاف کی اپیل کر دی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کنڈ کوٹ: تعلقہ اسپتال میں ممتا پروگرام کی رقم نہ ملنے پر غریب شہری نے فیملی کورٹ سے انصاف کی اپیل کر دی کنڈ کوٹ: تعلقہ اسپتال کندہ کوٹ ایک بار پھر الزامات کی زد میں آ گئی ہے، جہاں غریب شہری اسد اللہ سومرو نے اپنی بیوی کی زچگی اور بیٹی کے لیے سندھ حکومت کے وظیفے کی رقم نہ ملنے پر فیملی سول جج و جوڈیشل مجسٹریٹ کندہ کوٹ کی عدالت میں تحریری درخواست جمع کرا دی ہے۔ اسد اللہ سومرو کے (بقیہ نمبر 18)

مسیحی برادری کی قوم کو عید میلاد النبیؐ اور یوم دفاع پاکستان کی مبارکباد

راولپنڈی (این این آئی) مسیحی برادری نے قوم کو عید میلاد النبیؐ اور یوم دفاع پاکستان کی مبارکباد دی ہے۔ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر آرچ بشپ راولپنڈی اسلام آباد ڈاکٹر جوزف ارشد نے کہا ہے کہ میں پوری پاکستانی قوم کے ساتھ مل کر آج کے دن اپنے (بقیہ نمبر 19)

سی ٹی او راولپنڈی کی جانب سے ٹریفک وارڈنز کی حوصلہ افزائی

بہترین کارکردگی دکھانے والے ٹریفک وارڈنز کو انعامات اور تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے دوران ڈیوٹی بہترین کارکردگی دکھانے والے ٹریفک وارڈن امتنان فیصل، فیضان حنیف اور قدیر احمد کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات دیے۔ اس موقع پر سی ٹی او فرحان اسلم نے کہا کہ اچھی کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی کے لیے انعامات دینے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حوصلہ افزائی افسران اور اہلکاروں میں مزید جوش اور محنت پیدا کرتی ہے، جس سے وہ پہلے سے زیادہ لگن اور دیانتداری سے اپنے فرائض سر انجام دیتے ہیں۔ ان (بقیہ نمبر 20)

دہشتگردی کی کوشش ناکام، بھارتی خفیہ ایجنسی کے دو دہشتگرد گرفتار

بہاولنگر (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی نے بہاولنگر میں بروقت کارروائی کر کے بڑی دہشتگردی کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق بہاولنگر سے دو دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ دہشتگرد کالعدم تنظیم سے تعلق رکھتے (بقیہ نمبر 21)

قومی یکجہتی و عسکری قیادت کا مضبوط رشتہ پاکستان کا اصل ہتھیار ہے، سردار ایاز صادق

ستمبر 1965ء میں افواج پاکستان نے کئی گنا بڑی فوج کو شکست دیکر ثابت کیا پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، سپیکر قومی اسمبلی

سپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالیٰ سے شہداء کے درجات کی بلندی اور ملک کی ترقی، سلامتی اور استحکام کے لئے دعا کی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن باب ہے جب پوری قوم اور مسلح افواج نے دشمن کی جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اس کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا، ستمبر 1965ء کی جنگ میں پاک افواج نے اپنی جرات اور بہادری کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ یوم دفاع کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہماری بہادر افواج نے اپنے سے کئی گنا بڑی فوج کو شکست دے کر دنیا کو یہ پیغام (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر چونترہ کے علاقہ میں جائے وقوعہ پر موجود ہیں

ہمیں سیرتِ مصطفیٰؐ کی روشنی میں اپنے مسائل کا حل تلاش کرنا ہوگا

سیرتِ طیبہ سے سبق سیکھ کر سیلاب متاثرین کی کھلے دل سے مدد کر کے بحالی جلد از جلد ممکن بنانا ہوگی، آصف زرداری

صدر مملکت کا نبی کریمؐ کے عطا کردہ آفاقی اصولوں کو معاشرتی، سیاسی و تہذیبی ڈھانچوں میں رائج کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نبی کریمؐ کے عطا کردہ آفاقی اصولوں کو معاشرتی، سیاسی و تہذیبی ڈھانچوں میں رائج کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں سیرتِ مصطفیٰؐ کی روشنی میں اپنے مسائل کا حل تلاش کرنا ہوگا، سیرتِ طیبہ سے سبق سیکھ کر سیلاب متاثرین کی کھلے دل سے مدد کر کے بحالی جلد از جلد ممکن بنانا ہوگی۔ جمعہ کو 12 ربیع الاول کے موقع پر جاری پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے بابرکت اور پُرسعید دن پر میں پوری قوم اور امتِ مسلمہ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں، یہ تاریخی اور یادگار موقع امتِ مسلمہ کے (بقیہ نمبر 23)

ایس ایس پی آپریشنز کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد (بقیہ نمبر 24)

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

سپریم کورٹ نے خاتون کے نان نفقہ سے متعلق اپیل پر فیصلہ محفوظ کرلیا

ہم محض تین تولہ سونے کیلئے کسی کو عدالت نہیں بلائیں گے، چیف جسٹس ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے خاتون کے نان نفقہ سے متعلق اپیل پر فیصلہ محفوظ کرلیا جبکہ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے ہم محض تین تولہ سونے کے لیے کسی کو عدالت نہیں بلائیں گے۔ جمعہ کو چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس گل حسن اورنگزیب پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کیس پر سماعت کی۔ ہائیکورٹ کی جانب سے سابق اہلیہ کو نان نفقہ (بقیہ نمبر 25)

پی آئی اے کی نجکاری کیلئے بولی نومبر کے آغاز میں کرانے کا فیصلہ

سیلاب کے باعث جانچ پڑتال کا عمل متاثر ہونے کے باوجود بڈنگ بروقت ہوگی، حکام

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئرلائن پی آئی اے کی نجکاری کیلئے بولی نومبر کے آغاز میں کرانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ حکام نجکاری کمیشن نے واضح کیا ہے کہ سیلاب کے باعث جانچ پڑتال کا عمل متاثر ہونے کیباوجود بڈنگ بروقت ہوگی، قومی ایئرلائن (بقیہ نمبر 26)

مہنگائی کی رفتار زور پکڑ گئی، 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ

پچھلے ہفتے اسی رفتار کی شرح 0.62 فیصد بڑھی تھی، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں مہنگائی کی رفتار مزید زور پکڑ گئی جس کے نتیجے میں 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ حالیہ ہفتے کے دوران ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی رفتار کی شرح میں 1.29 فیصد اضافہ ہوا جبکہ اس سے پچھلے ہفتے ملک میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح 0.62 فیصد بڑھی تھی، اسی طرح سالانہ (بقیہ نمبر 27)

وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف بنگلہ دیشی صدر کے مشیر ایم خالد حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

سابقہ رنجش پر مخالف کو زخمی کرنے والا ملزم گرفتار

پولیس تھانہ گوجر خان نے گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا

گوجرخان (قمر شہزاد) گزشتہ دنوں بڑکی موڑ کے پاس شہری کو سابقہ رنجش کی بنا پر فائرنگ کر کے زخمی کرنے والے ملزم کو پولیس تھانہ گوجرخان نے گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ لائف کمپنی میں کام کرنے والے زین العابدین کو گزشتہ دنوں عمران پلازہ کے پاس فائرنگ کر کے اسے زخمی کرنے والے ملزم کو پولیس تھانہ گوجرخان (بقیہ نمبر 28)

سید زین شاہ کے خلاف جھوٹے مقدمات کیخلاف احتجاجی ریلی

سید زین شاہ کے خلاف درج جھوٹے مقدمات کو ختم کیا جائے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے صدر سید زین شاہ کے خلاف جھوٹے مقدمات کے خلاف احتجاجی ریلی کندھ کوٹ سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی جانب سے جامشورو پولیس کی جانب سے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ کے خلاف درج کیے گئے مبینہ جھوٹے مقدمات کے خلاف کندھ کوٹ میں احتجاجی ریلی نکالی گئی جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی جہاں پر دھرنا دیا (بقیہ نمبر 29)

ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کیلئے سندھ حکومت کے ہنگامی اقدامات

صوبائی وزیر مکیش کمار چاولہ اور میر نادر خان مگسی کا کندھ کوٹ ٹوری بند کا معائنہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کے لیے سندھ حکومت کی جانب سے سیلاب اور بارش کی ہنگامی ٹیمیں فوکل پرسن صوبائی وزیر برائے ایکسائز اینڈ نارکوٹکس مکیش کمار چاولہ اور ایم پی اے میر نادر خان مگسی کندھ کوٹ ٹوری بند پر ممکنہ سیلاب اور پانی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے پہنچے صدر آصف علی زرداری، بلاول بھٹو زرداری اور وزیراعلیٰ سندھ کے احکامات پر ممکنہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں ایم پی (بقیہ نمبر 30)

سیکرٹری اطلاعات وثقافت طاہر رضا ہمدانی ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا محبوب عالم نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

چونترہ کے علاقہ چک بیلی روڈ پر فائرنگ کا واقعہ، ایک شخص جاں بحق

زخمی علاج معالجہ کے لئے ہسپتال منتقل، ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں تشکیل

راولپنڈی (این این آئی) چونترہ کے علاقہ چک بیلی روڈ پر فائرنگ کا واقع کے بعد ایس پی صدر، اے ایس پی صدر اور پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی، فائرنگ سے ایک شخص عثمان جاں بحق جبکہ حبیب الرحمٰن زخمی ہوا ہے، لڑائی جھگڑے کے دوران ایک شخص رفاقت بھی زخمی ہوا جسے فائر آرم انجری نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق چونترہ کے علاقہ چک بیلی روڈ پر فائرنگ کا واقعہ، ایس پی صدر، اے ایس پی صدر اور پولیس نفری موقع پر موجود ہیں، فائرنگ سے (بقیہ نمبر 31)

مسافروں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، آئی جی موٹروے پولیس بی اے ناصر

افسران اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی حفاظت کو بھی یقینی بنائیں، آئی جی کی ہدایات

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بی اے ناصر کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں قومی شاہراہوں پر سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریجنل اور زونل کمانڈرز سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیلاب سے متاثرہ شاہراہوں کی تازہ (بقیہ نمبر 32)

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا پی ایس جی پی سی ویب سائٹ کے معاہدے پر دستخط کے موقع پر پی آئی ٹی بی کے نمائندگان کے ہمراہ گروپ فوٹو

ناجائز ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

فیصل آباد اور قصور کے گوداموں میں چھاپے، 18 ہزار 700 بوری گندم برآمد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب میں ناجائز ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کیا جاچکا ہے، ضلع قصور اور فیصل آباد کے گوداموں میں چھاپوں کے دوران 18 ہزار 700 بوری گندم برآمد کر کے گودام سیل کر دیے گئے ہیں، ترجمان پرائس کنٹرول کے مطابق ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر نے قصور اور فیصل آباد (بقیہ نمبر 33)

6 ستمبر ہماری قومی یکجہتی حب الوطنی اور قربانی کے جذبے کا مظہر ہے

یہ دن قومی تاریخ کا ایک روشن باب ہے جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور آنے والی نسلیں بھی اسے بطور تاریخی دن مناتی رہیں گی راجہ شوکت عزیز

آج کے دن پاک فوج اور عوام نے مل کر ایک تاریخی جنگ لڑی بھارت کے قبضے کا ناپاک منصوبہ عوام کے اتحاد اور فوج کی قربانیوں سے ناکام ہوا ثاقب بیگ

گوجرخان (قمر شہزاد) 6 ستمبر کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم نے ایک عظیم وطن کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ یہ دن ہمیں وطن سے محبت اور دفاعِ وطن کے عہد کی یاد دہانی کراتا ہے۔ ہمیں اپنی افواج کی بہادری، قربانیوں اور ملک کی سلامتی کی حفاظت کے لیے عزم و حوصلے کو برقرار رکھنا چاہیے۔ یہ دن ہماری قومی یکجہتی حب الوطنی اور قربانی کے جذبے کا مظہر ہے۔ آج بھی، یوم دفاع ہمیں ایک مضبوط اور متحد قوم ہونے کا پیغام دیتا ہے، جو کسی بھی چیلنج کا سامنا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، ہم اپنی افواج پاکستان اور تمام گمنام (بقیہ نمبر 34)

ویسٹریج پولیس کی کارروائی، خود کو سرکاری افسر ظاہر کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ویسٹریج پولیس کی ایک کارروائی کے دوران خود کو سرکاری افسر ظاہر کرنے والا شخص گرفتار کرلیا گیا، زیر حراست شخص نے اپنا تعارف اسسٹنٹ کمشنر کے طور پر کروایا، زیر حراست شخص سے جعلی کارڈ بھی برآمد ہوا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 35)

کندھ کوٹ: جسقم اور جیئے سندھ محاذ کی احتجاجی ریلی

قومی کارکن مٹھل سبزوئی کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ، پولیس خاموش

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ جیے سندھ قومی محاذ کے ذیلی تنظیم جسقم اور جیے سندھ محاذ کی جانب سے قومی کارکن مٹھل سبزوئی کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے زبردست احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ مظاہرین کا الزام تھا کہ پانچ روز گزر جانے کے باوجود پولیس قاتلوں کو گرفتار کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہی ہے، جس پر عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ ریلی جسقم آفس سے شروع ہوکر پریس کلب تک پہنچی۔ ریلی کی (بقیہ نمبر 36)

ہماری فوج ہمارے عظیم ملک پاکستان کی شجاعت اور حربی تکنیکوں کا مظہر ہے

ہم بھلے ہی معاشی مسائل کا شکار ہوں مگر ہم غیر ملکی خطرات سے محفوظ ہیں کیوں کہ ہماری افواج ایشیاء کی بہترین فوج ہے چاند مبین

آج ہمیں یہ عہد کرنا ہے کہ ہم سب مل کر سرحدوں کے پاسبانوں کا مشکل وقت میں ساتھ اور دشمن کے ہر پروپیگنڈے کا منہ توڑ جواب دیں گے خواجہ بلال سلیم

گوجرخان (قمر شہزاد) 1965 کی جنگ میں پاک فوج نے ملک کی سرحدوں کا دفاع باوقار انداز میں موثر بناتے ہوئے دنیا کو یہ بتایا تھا کہ ہم ایک زندہ قوم ہیں۔ اسوقت قوم کے بہادر سپوتوں نے جان کے نذرانے پیش کیے تھے۔ اور آج بھی جب قوم کو دہشت گردوں کے خلاف جنگ کا سامنا ہے تو بھی افواج پاکستان کے جانباز جان کے نذرانے پیش کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار بلدیہ ریگولیشن آفیسر ڈاکٹر چاند مبین اور خواجہ بلال سلیم جنرل سیکرٹری شاہین بلدیاتی فیڈریشن راولپنڈی ڈویژن کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر کا دن وطن عزیز کے دفاع کیلئے عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ آج کے دن وطن عزیز کے ہر فرد کو (بقیہ نمبر 37)

شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرنے والا اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس کی ایک کارروائی کے دوران شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرنے والا اشتہاری گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نے ساتھیوں کے ہمراہ خاتون سے زیادتی کی تھی، اشتہاری سال 2024 سے سول لائنز پولیس کو مطلوب تھا، پولیس نے (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی میں غیر قانونی جمعہ بازار کے خلاف کارروائی

سی ٹی او فرحان اسلم کی ہدایت پر مری روڈ سمیت مختلف علاقوں میں غیر قانونی جمعہ بازار ختم

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے خصوصی احکامات پر انچارج ٹریفک نیوٹان سرکل کامران صدیق نے مری روڈ، رحمان آباد اور اطراف میں لگنے والے گاڑیوں کے غیر قانونی جمعہ بازار کے خاتمے کے لیے کارروائی کی۔ (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن

چھ اشتہاری مجرمان سمیت 20 ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس کارروائی کے دوران تھانہ سیکرٹریٹ، کوہسار، ویمن، سمبل، سنگجانی، (بقیہ نمبر 40)

پنجاب اسمبلی کا سیلاب کے معاملے پر خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ

کمیٹی کے ممبران کے ناموں کا فیصلہ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کریں گے

گندم کا مصنوعی بحران پیدا کر کے پیسہ کمانے والے مافیا کے خلاف سخت ایکشن ہوگا' پنجاب اسمبلی میں حکومت کا واضح اعلان

ذخیرہ اندوز جو مہنگائی کرنے جا رہے ہیں ان کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں، محکمہ جنگلات کو جدید آلات سے لیس کر دیا گیا

بجلی کے بل، کسانوں کے قرض ٹیکس معاف، اگلی فصلوں کی تیاری کے لئے بلاسود قرضے دیئے جائیں' اراکین اسمبلی کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے ایوان نے سیلاب کے معاملے پر خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کی اجازت دیدی جبکہ کمیٹی کے ممبران کے ناموں کا فیصلہ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کریں گے، اجلاس میں حکومت نے واضح کیا ہے کہ گندم کا مصنوعی بحران پیدا کر کے پیسہ کمانے والے مافیا کے خلاف سخت ایکشن ہوگا، ذخیرہ اندوز جو مہنگائی کرنے جا رہے ہیں ان کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں، محکمہ جنگلات کو جدید آلات سے لیس کر دیا گیا ہے، جس میں ریڈار اور ڈرون ٹیکنالوجی بھی شامل ہے، ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنا سب سے بڑا چیلنج ہے جبکہ سیلاب کی تباہ کاریوں پر جاری عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے اراکین اسمبلی نے بجلی کے بل، کسانوں کے قرض اور ٹیکس معاف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگلی فصلوں کی تیاری کے لئے بھی کسان کو بلاسود قرضے دیئے جائیں، سیلاب سے (بقیہ نمبر 41)

کلر سیداں پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کلر سیداں پولیس کی ایک کارروائی کے دوران قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، فائرنگ سے راہگیر خاتون بھی زخمی ہوئی تھیں، واقعہ کا مقدمہ نومبر 2024 میں درج کیا گیا، کلر سیداں پولیس نے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، اشتہاری کے 04 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جاچکا ہے،

تھانہ ہمک، راہزنی میں ملوث گروہ کے دو ملزمان گرفتار

وارداتوں میں ملوث گروہ کے ارکان سے نقدی اور موبائل فون برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ ہمک پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی اور سات قیمتی موبائل فون برآمد ہوئے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت عزیز احمد اور محمد رافع کے ناموں سے ہوئی ہے، جن کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے متعدد (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: ایس ایس پی سیف سٹی کا ایم ٹی سیکشن کا دورہ

گاڑیوں کے معیار اور جدید سافٹ ویئرز اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے آپریشنل کارکردگی بہتر بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر زور دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی سکیورٹی سیف سٹی اسلام آباد ڈاکٹر محمد اقبال نے ایم ٹی سیکشن سیف سٹی کا دورہ کیا، جہاں سینئر افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایس ایس پی نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ گاڑیوں کے معیار کو برقرار رکھا جائے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035